روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینۂ روحانیات

ماھنامہ

خزینۂ روحانیات لاہور

July'2020
جلد نمبر 11
Rs.60
شمارہ نمبر 3

اوجِ زہرہ
مردہ بدروح
علاج المریض
خاتم شفاء الامراض
حاضرات کے مجرب اعمال
بسم اللہ کے عامل کامل بنیں
اوج شمس کا خاص جفری عمل
محبت کے روحانی عمال
رشتہ ہونے کے روحانی عمال
مجربات دامانیہ اوج شمس میں ترقی و حفاظت کی الواح
کدو کے بے مثال اور بے شمار فوائد

darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat khazinaruhanyat

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جاسکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جاسکے۔ آپ بغیر نقصان اور رجعت کے کئی اعمال کے عامل بن سکتے ہیں۔

چاند گرہن آغاز 5 جولائی 2020 بروز ہفتہ صبح 08:07 پر لگے گا۔ مکمل صبح 09:29 پر لگے گا۔ دوپہر 10:52 پر ختم ہوجائے گا۔

نورانی اعمال

- حصارِ خاص
- حصارِ قرآنی کبیر
- دعائے حیدری
- سات سلام
- آیت شفاء
- منزل کا عمل
- سورۃ اخلاص
- سورۃ جن
- سورۃ قریش
- اَفَحَسِبْتُمْ کے عمل کے عامل بنیں

علوی نورانی اعمال

- عمل باندھ جادو
- عمل عصائے کلیم اللہ
- مندرہ شاہ علی
- مندرہ کبیر
- نورانی مندرہ

خاص خاص اعمال

- بکرے والا عمل
- سری والا عمل
- تھیلی والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل

علوی اعمال

- چہل کاف 2
- چہل کاف 3
- چہل کاف 4
- قصیدہ غوثیہ
- عمل حب خاص 1
- عمل حب خاص 2
- عمل واپسی سحر 1
- عمل واپسی سحر 2

باموکل اعمال

باموکل اعمال کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان میں سخت پرہیز کے ساتھ چلہ کشی کرنا اور پھر تھوڑی سی غلطی پر رجعت اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ باموکل اعمال کرنے کے لیے گرہن کا وقت ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ بغیر کسی نقصان و رجعت کے عمل کریں۔

- آیت الکرسی باموکل
- آیت قطب باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۃ اخلاص باموکل 1
- سورۃ اخلاص باموکل 2
- سورۃ مزمل باموکل
- سورۃ یٰسین باموکل
- سورۃ فیل باموکل
- سورۃ جن باموکل
- سورۃ کوثر باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ و نعم الوکیل باموکل
- بسم اللہ باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- آیت کریمہ باموکل

نوٹ ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے باموکل اور خاص خاص اعمال ہیں جو عاملین حضرات کر سکتے ہیں۔

Whatsapp +92-322-4773786

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 11 ذوالقعدۃ ذوالحجۃ ۱۴۴۱ھ/ جولائی 2020ء شمارہ 3

مدیر اعلیٰ
خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر مولانا حافظ علی آفاق

معاون مدیر حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر قاری

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat
khazinaruhanyat
khazinaeruhaniyaat

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (جوہلی لکھا)
- قیصر احمد صاحب (بی اے) (کراچی)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- ابوانس (لاہور)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)
- محمد علیم صاحب (لاہور)

سرکولیشن 0322-4773786, 042-35410586

قیمت 60 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 800 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1200 روپے
سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1250 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1500 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2000 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 29،28،27 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Email/Whatsapp: 700 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 31/30 تاریخ کو رسالہ Email/Whatsapp کیا جائے گا

مشیر قانونی چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: easypaisa JazzCash (موبی لنک)۔ (ٹیلی نار) کے ذریعہ شناختی کارڈ نمبر 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

0343-7772772 UBL Omni easypaisa

0302-8401977 JazzCash

4 بینک اکاؤنٹس: میزان بینک میں خزینہ روحانیات کی رقم جمع کروانے کیلئے اکاؤنٹ نمبر 1 میں اور دارالعمل کے باقی تمام شعبوں کیلئے اکاؤنٹ نمبر 2 میں رقم جمع کروائیں۔

1 بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736۔

2 بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ مزید تفصیلات darulamal.org/Payment

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

جولائی 2020ء

ذوالقعدۃ ذوالحجۃ ۱۴۴۱ھ

اداریہ (مولانا علی آفاق)	5
درسِ قرآن (حضرت مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر مدظلہٗ)	6
سیدنا حضرت امام علی بن ابی طالبؓ (مولانا سلیم اللہ ظفر)	7
شرابی کی شراب سے توبہ (مولانا ارسلان بن اختر)	8
حضرت بہلولؒ سے ایک بچے کی گفتگو (حافظ نعمان شمس)	8
جنت میں جانے والے اعمال صالحہ (شیخ ارشد بشیر عمری مدنی)	9
اسمائے حسنیٰ سے روحانی وجسمانی علاج (عزیز احمد مفتاحی قاسمی)	11
بحر العملیات (فقیر امتیاز حسین سروری قادری، کوئٹہ)	12
حزب النور وقضاء الحوائج للامام الجیلانیؒ (خالد مقبول حفظہ اللہ)	15
ہر قسم کی بندش سے نجات کے روحانی اعمال (ادارہ)	16
خاتم شفاء الامراض (حضرت پیر غلام سرور شباب مدظلہٗ)	17
سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات	18
حفاظت کی دُعائیں (مرتب: محمد حنیف بن عبدالمجیدؒ)	19
تسخیرِ جنات کے اعمال (محمد عبدالرؤف بلوچ، کوئٹہ)	21
حاضرات کے مجرب اعمال (بابائے حاضرات قیصر احمد بی اے)	22
ہر مرض سے شفاء کے روحانی اعمال (مرتب: محمد علیم)	23
سوکنوں کا جھگڑا اور دوسری شادی (سید عبدالوہاب شیرازی)	24
ملازمت کے مسائل کا روحانی حل (اراکین روحانی علاج گاہ)	25
رشتہ ہونے کے روحانی اعمال (مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ)	26
عملیات چاند گرہن (آسٹرو ھیلر محمد شہزاد، بورے والا)	27
عملیات چاند گرہن (حسن، کراچی)	28
مردہ بدروح (صفدر شاہین، قسط: ۳)	29
محبت کے روحانی اعمال (مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ)	31
کیا عدد آٹھ نحس ہے؟ (تحقیق وتحریر: اظہر عنایت شاہ، قسط: ۱)	36
شرفِ قمر کے اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	37
مجربات دامانیہ: اوج شمس میں ترقی وحفاظت کی الواح	38
اوجِ شمس کے خاص اعمال (مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ)	41
اوجِ زہرہ (مرتب اراکین روحانی علاج گاہ)	42
اوج شمس کا خاص جفری عمل (حضرت پیر غلام سرور شباب مدظلہٗ)	43
بسم اللہ کے عامل کامل بنیں (پیر صوفی غلام سرور شباب مدظلہٗ)	45
اوج شمس (محمد شہزاد، بورے والا)	46
حاضرات کے ذریعے جادوئی اشیاء نکالنا اور جادو کرنے والے کا اور پتہ معلوم کرنا ایک مجیر العقول عمل (حکیم محمد نعیم الحسن، مانگا منڈی)	48
آدابِ زندگی..... بچوں کے لیے (علی مرتضیٰ طاہر)	49
خوشگوار زندگی کے بارہ اصول	51
لفظ لفظ روشنی (مولانا مفتی شکیل احمد نقشبندی، ظفروال)	52
ستیاناسی... جڑی بوٹی سے علاج (قیصر احمد بی اے، کراچی)	53
علاج المریض (حضرت مولانا حکیم امان اللہ رحمۃ اللہ علیہ)	55
کدو کے بے مثال اور بے شمار فوائد (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	57
خربوزہ کے بے مثال اور بے شمار فوائد (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	57
مجربات دامانیہ: اوج زہرہ کی ساعت میں ترقی کے راز	58
آپ کی بیماریوں کا ہومیو علاج (ہومیو ڈاکٹر مولانا علی آفاق)	60
عورت اور بناؤ سنگھار (مولانا مفتی شکیل احمد نقشبندی، ظفروال)	61

مودبانہ گذارش

بہت سے قارئین/ممبران/شاگرد جب کسی عمل یا مفت روحانی خدمات یا کسی خزینہ روحانیات میں چھپنے والی کسی مضمون کے متعلق کوئی سوال کرتے ہیں تو ادارے کے اصول وضوابط کا خیال نہیں رکھتے اور بے اصولی پر اصرار کرتے ہیں اور جب ان سے معذرت کی جاتی ہے تو بدتمیزی سے پیش آتے ہیں۔ ادارے کے اصول وضوابط آپ کی بہتری کیلئے بنائے گئے ہیں۔ ازراہِ کرم ہمیشہ ادارے کے تمام ذمہ داران وسٹاف کا احترام کیا کریں۔ تاکہ ادارہ آپ کی راہنمائی احسن طریقے سے کر سکے۔ شکریہ

Whatsapp 92-322-4773765 darulamal.org/magazine

اے خدائے پاک اے رب کریم

اے خدائے پاک اے رب کریم
تیری رحمت عام ہے بخشش عظیم
اے کہ تیری ذات نوری لم یزل
اے کہ تو ہے خالق حکم و عمل
اے کہ تو ہے مالک ارض و سما
اے کہ تو آقا ہے لولاک لما
تیری رحمت ہے محیط بے کراں
تیری قدرت ہے صریح کن فکاں
تجھ سے قائم ہے جہان رنگ و بو
فرش سے تا عرش مولا تو ہی تو
ہے اطاعت میں تری مخفی نجات
تو ہی اک رکھتا ہے لافانی صفات
شکر میں کرتا رہوں ہر آن میں
صابر و شاکر رہوں اک نان میں
عمر بھر سیفیؔ ہو زندہ صبر سے
کلمہ پڑھتے نکلے اپنی قبر سے

(حافظ اسرار سیفی)

سیدنا رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حسنِ تہذیب کا اَتمام رسولِ عربی ﷺ
تیرا اسوہ ترا پیغام رسولِ عربی ﷺ
وقت کی روز بدلتی ہوئی تعبیروں میں
سرخرو ہیں تیرے احکام، رسولِ عربی ﷺ
سلسلہ وحی کا لاریب ہوا تجھ پر ختم
تجھ پر کامل ہوا اسلام، رسولِ عربی ﷺ
نگراں میرے تغافل کی تری رحمت ہو
خود بخود ہوں مرے سب کام رسولِ عربی ﷺ
فن میں خوبی ہے جو، صدقہ ہے تری نسبت کا
ہر لفظ ترے نام، رسولِ عربی ﷺ
رہے تذکار تری نعت، تری سیرت کا
میرے لب پر سحر و شام، رسولِ عربی ﷺ
رخ میرے دل کا رہے تیری اطاعت کی طرف
بہ ہر انداز، بہ ہر گام، رسولِ عربی ﷺ
ہے دعا خاتمہ بالخیر ترے دین پہ ہو
عمر میری ہو خوش انجام، رسولِ عربی ﷺ
لَو سکینت کی جو پاتا ہے دل اپنے میں ریاض
ہے ترى نعت کا انعام، رسولِ عربی ﷺ

(ریاض مجید)

اہم اعلان ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبرشپ اگست 2020 سے اپریل 2021 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم عام ڈاک سے 620 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 930 روپے اور برائے TCS کیلئے صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں ☜ عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا ☜ جن ممبران نے اپنی ممبرشپ کی تجدید نہیں کروائی وہ جلد از جلد ممبرشپ فیس جمع کروائیں۔ مئی 2020 سے واٹس ایپ ممبرشپ 700 روپے سالانہ ہوگی۔ نوٹ فرمالیں۔
رابطہ 0322-4773786

اہم اعلان محکمہ ڈاک نے یکم جون 2020 سے UMS کے نرخ تقریباً دوگنے کر دیئے ہیں۔ اور ڈاکخانے والے اس سلسلے میں تنگ بھی کرتے ہیں۔ اس لئے ادارہ اب رجسٹری یا UMS کی جگہ TCS کرے گا جو کہ سستا بھی ہے اور اگلے دن پہنچ بھی جاتا ہے۔ آپ کی سہولت ہمارا اولین مقصد ہے۔

Whatsapp +92-322-4773786
Darulamalchishtia, Lahore, Pakistan
www.darulamalchishtia.org/magazines/ruhani
ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور

اداریہ

مولانا علی آفاق

ایک مشہور مقولہ ہے ”موت العالم موت العالَم“ یعنی ایک عالم دین کی موت پوری دنیا اور انسانیت کی موت کے مترادف ہے۔ حضور پاک ﷺ کی حدیث مبارکہ کا بھی مفہوم کچھ اس طرح ہے کہ قیامت کے قریب دین کو اٹھالیا جائے گا۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ کس طرح اٹھایا جائے گا؟ آپ ﷺ نے جواباً ارشاد فرمایا کہ علمائے دین کی موت کی شکل میں دین کو اٹھالیا جائے گا۔ مئی 2020ء میں رمضان المبارک کے مقدس ومشرف مہینے میں ہم سے دنیائے اسلام کے دو نامور علمائے حقانی رخصت ہو گئے۔ دونوں ہی زمانے کے مشہور ومعروف اور اپنے میدان کے شاہسوار تھے۔ ایک علامہ خالد محمودؒ دوسرے مولانا سعید احمد پالنپوریؒ۔ اللہ تعالیٰ دونوں کی دینی مشن کے لئے سعی جمیلہ کو قبول فرمائے اور ان کے درجات کو بلند فرمائے۔ ادارہ بالخصوص اور پوری امت بالعموم غمگین ہے۔ ہم سب ساری امت سے اس سانحہ عظیمیہ پر تعزیت کرتے ہیں اور مسنون دعا کے ذریعے غم کو ہلکا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اللھم لا تحرمنا اجرھما ولا تفتنا بعدھما۔

اس وقت سخت گرمی کا زمانہ ہے۔ قبرستانوں یا دیگر ویرانوں والے چلہ جات تو اس موسم میں ممکن نہیں ہے۔ مگر گھر میں رہتے ہوئے ایک کمرہ، چھت یا گھر کا کوئی بھی حصہ چلہ کشی وغیرہ کے لئے مقرر کر کے 2 گھنٹہ تک کی چلہ کشی، مختلف گرمی کے توڑ کے بندوبست کے ساتھ کرنے میں وقت کے ضیاع سے بچا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر میں اپنے ابتدائی چلہ کشی کرنے والے ساتھیوں سے عرض کروں گا کہ آپ کا چہل کاف کا دوسرا درجہ ہو یا امنت باللہ کا دوسرا یا تیسرا درجہ۔ اس گرمی کو غنیمت سمجھتے ہوئے جاری رکھیں۔ مگر چلہ کشی کے دوران ادارے کے ذمہ داران مولانا سلیم اللہ ظفر مدظلہٗ اور بندۂ ناچیز علی آفاق سے رابطہ رکھا کریں۔ مجھے شکایت ہے ان لوگوں سے جو پچھلے سال سے زائد عرصہ سے ادارے سے وابستہ ہیں مگر ان کی شکل تو کیا آواز سے بھی ہم متعارف نہیں۔ جس کی وجہ سے جو بھی غلط فہمی یا علاج میں کمی یا سستی یا غلطی پیدا ہوئی ہو، اس کی درستگی اور نشاندہی ایک عرصے سے نہیں کی جارہی۔ اور پھر طالبعلم پریشان، مایوس اور ناامید ہوجاتا ہے کہ میرا عمل نہیں چل رہا۔ مجھے علاج میں یا گھر کی صفائی میں، کاروبار کی روحانی صفائی میں، گھر کے دیگر لوگوں، بچوں، بھائیوں، بہنوں، بیوی یا ماں باپ کے علاج میں کوئی افاقہ یا فائدہ نہیں نظر آرہا۔ اس مسئلہ کے حل کے لئے ہم بہت جلد واٹس ایپ گروپ بنارہے ہیں مگر آپ بھی نائب ناظم روحانی علاج گاہ، ناظم روحانی درسگاہ وغیرہ سے مربوط رابطے میں رہا کریں اور اپنی روحانی کیفیات اور ضروریات یا اشکالات وسوالات پہنچا کر حل ضرور معلوم کیا کریں ورنہ آپ کے روپے پیسہ کے خرچنے اور ہمارے عمل دینے کا خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوگا۔ شکریہ

روحانی درس گاہ کے طلباء کے لیے ضروری اعلان

مسلسل لاک ڈاؤن کے پیشِ نظر انتظامیہ دارالعمل چشتیہ نے فیصلہ کیا اور روحانی درس گاہ کا الگ سے ایک واٹس ایپ اکاؤنٹ بنایا جائے جس سے روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے فیس اور بغیر فیس کے مختلف اعمال کے گروپس بنائے جائیں گے۔ ہر گروپ ایک ہی عمل پر مشتمل ہوگا۔ جلد ہی گروپس کے بارے میں مزید تفصیل اور اصول وضوابط بتادیے جائیں گے۔ تمام طلبا کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 0349-7772775 کو اپنے موبائل میں محفوظ کر کے اسی نمبر پر درج ذیل تفصیل واٹس ایپ کریں: 1 نام، والد اور والدہ 2 مکمل پتہ، شہر 3 موبائل اور واٹس ایپ نمبر 4 روحانی درس گاہ سے جو اعمال کیے، ان کی مکمل تفصیل۔ کب اجازت لی؟ کتنے درجوں کی زکوٰۃ ادا کر چکے ہیں؟ مداومت کر رہے ہیں یا چھوڑ چکے ہیں؟ اگر کر رہے ہیں تو کس تعداد میں؟ درج بالا تمام ایک کاغذ پر لکھ کر اس کی تصویر بھیج دیں۔ ۵۔ تازہ ترین تصویر واٹس ایپ کریں۔ شکریہ

Whatsapp +92-322-4773786

درسِ قرآن

حضرت مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر مدظلہٗ

(ناظم روحانی درس گاہ، نائب ناظم روحانی علاج گاہ، معاون مدیر خزینہ روحانیات)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ (سورۃ الاعراف آیت نمبر ۱۱۳ تا ۱۱۶)

صدق اللہ العظیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

محترم قارئین خزینہ روحانیات گزشتہ درس قرآن میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا فرعون اور فرعون کی قوم اور قوم کے سرداروں کو دربار فرعون میں جا کر حق کی دعوت دینا، ان کا حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ان کی حقانیت کی نشانی طلب کرنا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ید بیضا اور عصا کا معجزہ دکھانا، دونوں معجزات دیکھنے کے بعد ان کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جادوگر اور ان کے معجزات کو جادو کہنا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خلاف سب کو برانگیختہ کرنا، آپس میں سب کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کا راستہ روکنے کیلئے مشورہ کرنا، مشورے میں ملک بھر کے بڑے بڑے جادوگروں کو ان کے مقابلے کے لیے بلانا بیان کیا گیا تھا۔ آج کی ان پیش کردہ آیات مبارکہ کا ترجمہ اور تفسیر یہ ہے کہ ملک بھر کے بڑے بڑے جادوگر شاہی دعوت نامے ملنے پر فرعون کے دربار میں آپہنچے۔ اور آکر یوں کہنے لگے کہ بے شک ہمارے لیے کوئی نہ کوئی معاوضہ یا انعام تو ہونا چاہیے اگر ہم موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے۔ بس یہی وہ چیز ہے کہ جس سے نبی اور جادوگر میں امتیاز اور فرق ہوتا ہے۔ جادوگر خودغرض، مفاد پرست اور لالچی ہوتے ہیں۔ جو بھی کام کرتے ہیں پیسے اور دولت کی خاطر کرتے ہیں تو ان جادوگروں نے بھی یہی کہا کہ بادشاہ سلامت ہم آپ کے لیے اتنے دور دراز سے سفر کر کے آئے ہیں۔ سفر کی تکالیف برداشت کی ہیں۔ اپنے کاموں کو آپ کے لیے چھوڑ کر آئے ہیں۔ سفری اخراجات برداشت کیے ہیں۔ تو ہماری محنت کا کچھ صلہ بھی ملے گا یا نہیں۔ دوسری طرف اللہ کے نبی ہیں جو تمام محنتوں، مشقتوں، کاوشوں اور کوششوں کے باوجود یہ کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا میں تم سے کسی قسم کا کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا۔ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللہ میرا اجر تو اللہ کے پاس ہے۔ جب جادوگروں نے اپنی اجرت کا مطالبہ کیا تو فرعون نے کہا ''نعم'' ہاں تمہیں نہ صرف معاوضہ ملے گا بلکہ وانکم لمن المقربین بلکہ تم میرے خاص مقرب بن جاؤ گے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر تم موسیٰ علیہ السلام (جو میرے مخالف ہیں ان) کو شکست دو گے تو تمہیں بڑے اعزاز سے نوازوں گا۔ اپنا وزیر اور مشیر خاص بنا لوں گا۔ لہٰذا وہ اس بات سے خوش ہو گئے چونکہ اس دور میں فرعون جیسے انسان کا مشیر خاص بن جانا بڑا اعزاز سمجھا جاتا تھا۔ بہرحال فرعون نے انہیں تسلی دی کہ بس ذرا کام کر کے دکھاؤ، باقی فکر نہ کرو میرے اوپر چھوڑ دو، تمہیں تمہاری سوچ سے بڑھ کر دیا جائے گا۔ جب فرعون اور جادوگروں کے درمیان معاملات طے ہو گئے تو جادوگر کہنے لگے کہ اے موسیٰؑ! کیا پہلے تم اپنا فن دکھانا چاہتے ہو (نعوذ باللہ) یا ہم اپنا کرتب ظاہر کریں۔ مختلف تفاسیر میں یہ بات لکھی گئی ہے کہ اس مقابلے کیلئے وسیع میدان کا عین دوپہر کے وقت اہتمام کیا گیا۔ لاکھوں کا مجمع تھا۔ جادوگر اپنی پوری تیاری کے ساتھ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آنا چاہتے تھے۔ جب انہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا تو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ آغاز تم ہی کرو، انہوں نے کہا ٹھیک ہے۔ ''فلما القوا'' پس جب انہوں نے اپنا جادو پیش کیا اور ''سحروا اعین الناس'' لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا یعنی تمام تماشائیوں کی نظر بندی کر دی اور ان کو اپنے جادو کے ذریعے سے ڈرایا اور واقعی انہوں نے بڑے جادو کا اظہار کیا تھا۔

اگلے درس میں ان شاء اللہ یہ بیان ہوگا کہ ان کے مقابلے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کس طرح کے معجزے کے ذریعے سے ان پر اللہ کے فضل اور اللہ کی خاص مدد سے غلبہ پایا۔

Whatsapp +92-322-4713786 darulamal.org/magazines/rubani

امیر المومنین سیدنا امام حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

مولانا سلیم اللہ ظفر (معاون مدیر خزینہ روحانیات)

امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ شیر خداؓ کی پیدائش حضور اکرم ﷺ کے اعلان نبوت سے 10 سال پہلے مکہ مکرم میں ہوئی۔ آپ کی کنیت ''ابو الحسن'' اور ''ابوتراب'' ہے۔ نسب کے اعتبار سے آپؓ قریشی اور ہاشمی ہیں۔ آپؓ حضور اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں۔ مدینہ منورہ پہنچنے کے 2 سال بعد آپؓ کی شادی ہوئی۔ شادی کے وقت آپؓ کی عمر مبارک 21 سال اور حضور اکرم ﷺ کی لخت جگر حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کی عمر مبارک 18 سال تھی۔ آپؓ بہت ہی دلیر اور بہادر تھے۔ غزوۂ تبوک کے علاوہ تمام غزوات میں آپؓ نے شرکت فرمائی۔ کئی غزوات میں خود حضور اکرم ﷺ نے اپنے دست مبارک سے آپؓ کے ہاتھ میں جھنڈا (علم) پکڑایا۔ جنگی میدانوں میں آپؓ کے دلیرانہ کارنامے بہت کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ غزوۂ خندق کے وقت آپؓ کی عمر مبارک 24 اور 25 سال کے درمیان تھی۔ آپؓ عنہ نو عمر مجاہدین میں شمار ہوتے تھے۔ جنگ خندق کا معرکہ جب شروع ہوا تو کفار مکہ کی طرف سے عمرو بن عبدود سب سے پہلے میدان میں آیا۔ مشہور زمانہ جنگجو تھا۔ ہزاروں شاہسواروں کا مقابلہ اکیلا ہی کیا کرتا تھا۔ سامنے آکر اس نے چیلنج کیا کہ کون آئے گا میرے مقابلے میں ؟ حضرت علی المرتضیٰؓ سے حضور اکرم ﷺ سے اجازت چاہی تو آپ ﷺ نے منع فرمایا۔ اس نے دوبارہ چیلنج کیا، شیر خدا نے پھر اجازت چاہی، آپ ﷺ نے اس بار بھی روک دیا۔ اس نے پھر توہین آمیز لہجے میں پکارا اور تیسری بار چیلنج کیا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے شیر خدا کو اجازت عنایت فرمادی۔ شیر خدا اٹھے، بادل کی طرح گرجے، اس نے پوچھا تم کون ہو؟ شیر خدا نے جواب دیا کہ علی بن ابی طالب ہوں۔ آؤ میرا مقابلہ کرو۔ یہ سن کر وہ کہنے لگا کہ کسی بڑے کو بھیجو، میں تم جیسے بچے کا خون بہانا پسند نہیں کرتا۔ اس کا جواب سن کر شیر خدا بولے لیکن میں تمہارا خون بہانا پسند کرتا ہوں۔ اپنی بے عزتی سن کر وہ آگ بگولہ ہو گیا۔ تلوار لہراتے ہوئے شدید غضبناک ہو کر آگے بڑھا۔ شیر خدا پر اپنی پوری طاقت سے اس نے حملہ کیا۔ شیر خدا نے اپنا دفاع کیا اور پلٹ کر اس کے کندھے پر زوردار وار کیا شیر خدا کا ایک ہی وار اس کیلئے کافی ہو گیا۔ اللہ اکبر کی صدا کے ساتھ شیر خدا نے اس کا کام تمام کر دیا۔ امیر المومنین 4 سال 9 ماہ تک خلیفہ المسلمین رہے۔ 63 سال کی عمر مبارک میں آپؓ نے شہادت پائی۔ احادیث مبارکہ میں تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے سب سے زیادہ آپ ہی کے فضائل پر روایات پائی جاتی ہیں۔ ایک مقام پر جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں علم کا شہر ہوں، علی رضی اللہ عنہ اس شہر علم کا دروازہ ہیں۔ ایک دوسرے مقام پر فرمایا کہ میں جن کا مولا ہوں علیؓ بھی ان کے مولا ہیں۔ ایک تیسرے مقام پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے اللہ! میرے علیؓ سے جو محبت کرے تو بھی اس سے محبت فرما اور جو علیؓ سے دشمنی رکھے تو یا اللہ اس سے آپ بھی دشمنی فرمائیں۔ ایک چوتھے مقام پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے علیؓ کو اذیت یا تکلیف پہنچائی تو اس نے مجھے اذیت اور تکلیف پہنچائی۔ ایک اور مقام پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے علیؓ کو بُرا کہا اس نے درحقیقت میں محمد ﷺ کو بُرا کہا۔ نعوذ باللہ۔ امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰؓ سلطنت وحکومت ہونے کے باوجود سادہ حال رہتے تھے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ فرماتے ہیں کہ دنیا کے سب سے بڑے زاہد علی المرتضیٰ شیر خداؓ ہیں۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے شیر خدا سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ اے علیؓ آپ دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہیں۔ ایک بار فرمایا کہ اے علیؓ! جنت میں آپ کا گھر میرے گھر کے سامنے ہوگا۔ ایک بار فرمایا کہ اے علیؓ! جنت بھی آپ کی مشتاق ہے۔ ایک بار فرمایا کہ اے علیؓ! آپ میری امت کے بڑے قاضی ہیں۔ غزوۂ خیبر کے وقت حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ صبح جھنڈا اس کو دوں گا جو فاتح خیبر ہے۔ اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کا وہ پیارا ہے۔ وہ اللہ (بقیہ ص 48)

Whatsapp +92-322-4773786 darulmaarifmagazine.org

شرابی کی شراب سے توبہ

مولانا ارسلان بن اختر

پھلت میں ایک شخص تھا، اس کا نام تو مجھے معلوم نہیں بس ہم لوگ اسے ماما کہا کرتے تھے، بہت ہی کالے رنگ کا آدمی تھا، دیہاتوں میں مختلف قسم کے تیل بیچتا رہتا تھا، اس کو نشے کی عادت تھی، ہر وقت اسپرٹ پیتا تھا، ظاہر ہے کہ نشہ کرنا کیسا زبردست گناہ ہے۔ مگر بے چارہ اس بلا میں پھنس گیا، مسلسل نشے کی وجہ سے اس کے پھیپھڑے خراب ہو گئے تھے۔

ایک دفعہ رمضان المبارک میں اخیر جمعہ سے قبل اس نے غسل کیا اور روزے کی نیت کی، صبح کو سحری کھائی اور نماز پڑھی۔ اس کو کھانسی کا دورہ ہوا اور چند گھنٹوں میں انتقال ہو گیا، رمضان کے آخری جمعے میں اس روز کسی وجہ سے لوگ کھتولی جو ہمارے قریب قصبہ ہے۔ اور جہاں لوگ دن میں اپنے اپنے روزگار پر جاتے ہیں۔ وہاں بھی نہیں گئے تھے۔ شاید کوئی ہڑتال تھی، جمعے کی نماز کے بعد ماہ مبارک میں اس کی نماز جنازہ ہوئی، اس قدر ہجوم جنازے میں تھا کہ بہت کم ہجوم ہمارے یہاں ایسا دیکھا گیا۔

اتفاق سے میں نے ہی اس کے جنازے کی نماز پڑھائی، نماز کے بعد دل میں خیال ہوا کہ روزے کی حالت میں اس کا انتقال کیسا مبارک ہے۔

کفن ہٹا کر جو دیکھا تو اس کالے آدمی کا چہرہ ایسا حسین اور پیارا لگ رہا تھا کہ دیکھتا ہی رہ گیا، دل میں خیال آیا کہ یا اللہ اس کی کون سی ادا پر آپ کو پیار آ گیا۔ تجسس ہوا تو تحقیق ہوئی کہ اس نے ایک چمارن کو مسلمان کر کے شادی کر لی تھی۔ وہ بے چاری بعد تک زندہ رہی اور بڑی نمازی اور نیک خاتون تھی۔ فوراً سمجھ میں آیا کہ پیارے آقا ﷺ نے حضرت علیؓ کو بلا کر جو ارشاد فرمایا کہ: ''اے علی! تیری وجہ سے ایک آدمی کو ہدایت مل جائے تو تیری نجات کے لئے کافی ہے۔''

اس کا بین ثبوت یہ ہے کہ ایک شرابی اور نہایت بے عمل آدمی کا ایسا قابل رشک خاتمہ ہوا۔

اعمال کی تلقین وتذکیر مبارک، صد مبارک مگر ایمان کی دولت کے مقابلے میں اس کا درجہ کہیں کم ہے۔ ساری دنیا کے اعمال ایک آدمی کے ایمان کے برابر نہیں ہو سکتے۔ اس لئے بعض علماء نے کلمہ لا الہ الا اللہ کا وزن ساتوں زمین اور آسمان سے زیادہ ہونے والی روایت میں کلمے سے مراد ایمان لیا ہے۔

میرے عزیزو! عادت اللہ جاری ہے۔ کہ وہ کبھی کسی بندے پر مہربانی اور کرم کا خصوصی معاملہ فرماتے ہیں۔ تو اللہ کا وہ مقبول بندہ جس کام میں لگ جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کام کو مقبول اور سرفراز فرماتے ہیں۔ اس کے برخلاف کوئی کام ایسا مقبول ہوتا ہے کہ جو بندہ بھی اس کام میں لگ جاتا ہے۔ اور اپنے کو اس مقبول ومحبوب کام سے وابستہ کر لیتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس بندے کو محبوب ومقبول بنا دیتے ہیں۔

حضرت بہلولؒ سے ایک بچے کی گفتگو

حافظ نعمان شمس

حضرت بہلولؒ بازار سے گزر رہے تھے۔ کچھ بچے کھیل رہے تھے اور ایک بچہ رو رہا تھا۔ انہوں نے سمجھا شاید اس کے پاس اخروٹ نہیں۔ کیونکہ دوسرے بچے اخروٹ سے کھیل رہے تھے۔ بہلولؒ نے اس بچے سے کہا، بیٹا تو رو نہیں، میں تجھے اخروٹ لے کر دیتا ہوں، تم بھی کھیل لینا، بچہ کہنے لگا، بہلولؒ! کیا ہم کھیلنے کے لئے پیدا ہوئے؟ بہلولؒ بہت حیران ہوئے کہ میں تو سمجھا تھا کہ شاید اس کے پاس اس کے اخروٹ نہیں ہیں، اس لئے رو رہا ہے۔ انہیں چونکہ ایسے جواب کی توقع نہیں تھی۔ اس لئے فرمایا بیٹا تو ہم کس لئے پیدا ہوئے ہیں؟ وہ کہنے لگا ہم تو اللہ کی عبادت کے لئے پیدا ہوئے ہیں۔ بہلولؒ کہنے لگے تیری کوئی عمر ہے ان باتوں کے سوچنے کی؟ تو وہ بچہ آگے سے کہنے لگا۔ بہلول! مجھے دھوکہ نہ دے، میں نے اپنی ماں کو دیکھا ہے جب وہ چولہے میں آگ جلاتی ہے تو پہلے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالتی ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ اللہ کہیں دوزخ کی آگ کو ہم بچوں سے روشن نہ کرے۔

Whatsapp +92-322-4773786

جنت میں لے جانے والے بعض اعمال صالحہ

شیخ ارشد بشیر عمری مدنی

پچھلے دو ماہ میں گیارہ اعمال کا تذکرہ ہو چکا۔ مزید اعمال ملاحظہ فرمائیں۔

12. صبح اور شام سید الاستغفار کا اہتمام کرنا

شداد بن اوس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا اور ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سید الاستغفار۔ (مغفرت مانگنے کے سب کلمات کا سردار) یہ ہے یوں کہے: اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو نے ہی مجھے پیدا کیا اور میں تیرا ہی بندہ ہوں۔ میں اپنی طاقت کے مطابق تجھ سے کئے ہوئے عہد اور وعدہ پر قائم ہوں۔ ان بری حرکتوں کے عذاب سے جو میں نے کی ہیں تیری پناہ مانگتا ہوں، مجھ پر نعمتیں تیری ہیں، اس کا اقرار کرتا ہوں۔ میری مغفرت کر دے کہ تیرے سوا اور کوئی بھی گناہ نہیں معاف کرتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اس دعا کے الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے دل سے ان کو کہا اور اسی دن اس کا انتقال ہو گیا، شام ہونے سے پہلے تو وہ جنتی ہے اور جس نے اس دعا کے الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے رات میں ان کو پڑھ لیا اور پھر اس کا صبح ہونے سے پہلے انتقال ہو گیا تو وہ جنتی ہے۔ (صحیح بخاری:6306)

13. دن اور رات میں 12 رکعتوں (سنن مؤکدہ) کا اہتمام کرنا

ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ ''جو شخص دن اور رات میں ۱۲ رکعات پڑھ لے، اُن کی وجہ سے اس کے لئے جنت میں ایک محل بنا دیا جاتا ہے۔'' (صحیح مسلم:728)

نیز فرمان نبوی ﷺ ہے: ''جس نے رات اور دن میں ۱۲ رکعت (نوافل) ادا کیے، جنت میں اس کے لئے گھر بنا دیا جاتا ہے: چار رکعت قبل از ظہر، دو بعد میں، دو رکعت مغرب کے بعد، دو عشاء کے بعد اور دو صبح کی نماز سے پہلے۔'' (سنن ترمذی:415)

14. سلام کو عام کرنا، صلہ رحمی کرنا اور کھانا کھلانا

عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں: میں نے مدینہ میں جو پہلی گفتگو نبی کریم ﷺ سے سنی وہ یہ روایت تھی، نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''اے لوگو! سلام کو عام کرو، کھانا کھلاؤ، صلہ رحمی کرو اور رات کو جب لوگ سو رہے ہوں تو نماز پڑھو۔ (ایسا کرنے کی صورت میں) سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔'' (ابن ماجہ:1097)

نیز نبی اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی: ''مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم جنت میں داخل نہ ہو گے حتیٰ کہ تم ایمان لے آؤ، اور تمہارا ایمان مکمل نہیں ہے یہاں تک کہ تم آپس میں محبت کرو، کیا میں تمہیں ایسا کام نہ بتاؤں جس کے کرنے کے بعد تم آپس میں محبت کرنے لگو (پھر خود ہی فرمایا:) اپنے درمیان سلام کو عام کرو۔'' (صحیح مسلم:54)

15. سچ بولنا، وعدہ پورا کرنا، امانت کی حفاظت کرنا، شرمگاہ کی حفاظت کرنا

عُبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے تُم لوگ اپنی ذات میں چھ چیزوں کی ضمانت دو تو میں تُمہیں جنّت کی ضمانت دیتا ہوں، (۱) جب بات کرو گے تو سچ کہو گے (۲) جب وعدہ کرو گے تو پورا کرو گے (۳) اگر تُمہیں امانت دی گئی تو امانت ادا کرو گے اور (۴) اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو گے اور (۵) اپنی نگاہوں کو نیچا رکھو گے اور (۶) اپنے ہاتھوں کو روکے رکھو گے۔ (السلسلۃ الصحیحۃ:1470) (جاری ہے)

اس ماہ کی ریکارڈ فروخت ہونے والی نئی منتخب کتب

1 جن اور شیطان

مصنف: علی رضا رجالی تہرانی

تحقیقی، قرآنی، روایتی اور عقلی بحث

عام قیمت: 300 روپے

2 عالم عجیب ارواح

مولف: سید حسن ابطحی

عالم دنیا کے بعد عالم برزخ میں روح

عام قیمت: 300 روپے

3 وظائف اکابر

تالیف: مولانا عبدالحفیظ مکی

اکابرین کے مجرب وظائف کا مجموعہ

عام قیمت: 450 روپے

4 وظائف شفاء، وظائف بنات

پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے

کیلئے ایک مکمل راہ نما کتاب

عام قیمت: 450 روپے

5 اوراد و وظائف غوثیہ

ترتیب: سید جلال الدین قادری

عام قیمت: 200 روپے

6 پریشانیاں اور ان کا علاج

مولف: قاری حافظ محمد قمر الزمان

عام قیمت: 200 روپے

7 دکھ درد اور بیماریوں کا روحانی علاج

تالیف: حکیم افتخار الحسن رائیونڈی

عام قیمت: 150 روپے

8 برکات بسم اللہ شریف

تالیف: علامہ عابد عسکری

عام قیمت: 250 روپے

9 عامل بنانے والی کتاب

تالیف: صوفی محمد ندیم محمدی

عام قیمت: 300 روپے

10 114 قرآنی سورتوں سے عملیات کامل

مولف: حافظ محمد عثمان رضوی صاحب

عام قیمت: 350 روپے

11 فضائل درود پاک

مترجم: علامہ سید محمد اقبال شاہ گیلانی

عام قیمت: 500 روپے

12 مجرب عملیات و تعویذات

مرتب: اقبال احمد نوری

عام قیمت: 350 روپے

13 علم الاعداد والحساب فی القرآن (سورۃ القصص)

مرتب: پروفیسر ڈاکٹر محمد امین

عام قیمت: 400 روپے

14 علم الاعداد والحساب فی القرآن (سورۃ انبیاء)

مرتب: پروفیسر ڈاکٹر محمد امین

عام قیمت: 400 روپے

15 علم الاعداد فی فہم القرآن

مرتب: پروفیسر ڈاکٹر محمد امین

علوم اسلامیہ میں حیرت انگیز انقلاب

عام قیمت: 400 روپے

16 400 عملیات محبت

مرتب: سید تنویر حسین شاہ

(روح عملیات کا نچوڑ)

عام قیمت: 250 روپے

17 مجموعہ وظائف مع دلائل الخیرات

مترجم: حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہری

عام قیمت: 325 روپے

18 مقام درود شریف

مرتب: مولانا محمد عامر عبدالعزیز

عام قیمت: 440 روپے

19 روحانی عملیات و تعویذات

مصنف: صوفی ندیم احمد

عام قیمت: 350 روپے

20 تعبیر الرویاء

ترتیب: سید عشرت عباس جعفری

عام قیمت: 300 روپے

21 ربنا

تدوین: پروفیسر ڈاکٹر محمد امین

عام قیمت: 300 روپے

22 تسکین الارواح

از: ڈاکٹر محمد زبیر چشتی

عام قیمت: 310 روپے

23 خواب و تعبیر

شیخ غلام علی

عام قیمت: 500 روپے

24 تقدیر ہاتھ کے آئینے میں

ڈی آر مینگٹن

عام قیمت: 300 روپے

25 خواتین اور پامسٹری

پروفیسر قسیم ارشد کاظمی

عام قیمت: 250 روپے

26 سوتے وقت کی مسنون دعائیں و اذکار

مولانا ارسلان بن اختر

عام قیمت: 280 روپے

27 براسرار لکیریں

ڈاکٹر ایم اے قریشی

عام قیمت: 400 روپے

28 مستقبل کا ہاتھ

ڈاکٹر ایم اے قریشی

عام قیمت: 300 روپے

+maktabatulaarif
0323-4487877
042-35410586
0332-4487877
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دار العمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات goo.gl/xJ9AKu

اسمائے حسنیٰ سے روحانی و جسمانی علاج

عزیر احمد مفتاحی قاسمی

نیک لوگوں میں شامل ہونے کے لیے

الغفار (گناہ بخشنے والا اور عیبوں کو چھپانے والا)

خاصیت: عصر کی نماز کے بعد "یا غفار اغفرلی" سو بار کہے تو اللہ تعالیٰ اس کو نیک لوگوں کے زمرے میں شامل کر دیتے ہیں۔

دل سے دنیا کی محبت نکالنے، اللہ کی محبت لانے اور خاتمہ بالخیر کے لیے

القہار (غالب)

خاصیت: جو اس کو کثرت سے پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ دنیا کی محبت اس کے دل سے اٹھا دیتا ہے اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوتا ہے، خدا کی محبت اور شوق اس کے دل میں پیدا ہو جاتا ہے۔

دل سے زنگ دور کر کے نور وصفائی حاصل کرنے کے لیے

الفتاح (رزق و رحمت کا دروازہ کھولنے والا)

خاصیت: جو کوئی فجر کی نماز کے بعد دونوں ہاتھ سینے پر رکھے اور ستر بار (۷۰) یہ اسم پڑھے اس کے دل سے زنگ جاتا رہے اور نور وصفائی حاصل ہو۔

دعا قبول ہونے کے لیے

السمیع (سننے والا)

خاصیت: جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو بار اور ایک قول کے مطابق ہر دن سو بار پڑھے اور بات کئے بغیر دعا کرے تو دعا مقبول ہو جائے۔

المجیب (جواب دینے والا، دعا قبول کرنے والا)

خاصیت: اس کو کثرت سے پڑھ کر دعا کرے تو دعا قبول ہو۔

اللہ کی خاص نظر حاصل ہونے کے لیے

البصیر (دیکھنے والا)

خاصیت: جمعرات کے دن فجر کی سنت اور فرض کے درمیان صحیح عقیدے کے ساتھ سو بار پڑھے تو اللہ کی خاص نظر سے متصف ہو۔

اپنے باطن کو اللہ کے رازوں کا جان کار بنانے کے لیے

الحکم (حکم کرنے والا)

خاصیت: جمعہ کی رات میں اتنا پڑھے کہ بے خود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو اپنی بھیدوں کی کان بنا دیں گے۔

مخلوق کو مطیع کرنے کے لیے

العدل (انصاف کرنے والا)

خاصیت: جمعہ کے دن بیس لقموں پر لکھ کر کھائے تو حق تعالیٰ مخلوق کو اس کا مطیع کر دے۔

دل منور ہونے کے لیے

النور (روشن کرنے والا)

خاصیت: جمعہ کی رات سات دفعہ سورۂ نور اور ایک ہزار بار اس نام کو پڑھے تو دل منور ہو۔

دل ہمیشہ روشن رہنے کے لیے

النور (روشن کرنے والا)

خاصیت: اگر صبح کے وقت اس کا پڑھنا لازم کر لے تو ہمیشہ اس کا دل روشن رہے۔

Darulamal.org/magazines/rohaniyat
whatsapp 92-322-4773789

بحر العملیات

فقیر امتیاز حسین سروری قادری (کوئٹہ)

علامہ دیربی نے مجربات دیربی اور منادیؒ نے اپنی شرح کبیر میں جو جامع صغیر پر لکھی ہے کہا ہے کہ جب بسم اللہ شریف نازل ہوئی تو اس کی ہیبت نزول سے پہاڑ لغزش ولرزش میں آئے۔ اور ربانیہ بھینی وہ ملائکہ جو دوزخ کے نگہبان ہیں انہوں نے اور جماعت اہل اللہ نے کہا ہے کہ جو کوئی بسم اللہ پڑھا کرتا ہے وہ جہنم میں نہ جاوے گا اور بسم اللہ کے انیس حروف ہیں بعدد اِن ملائکہ کے جو آتش دوزخ پر نگہبان مقرر ہیں اور جو شخص پابندی شریعت اور اجازت کاملہ ونگرانی شیخ کے ساتھ بسم اللہ شریف کے ورد اور ریاضت کا اہتمام کرے گا تو وہ شخص نزدیک عالم علوی وسفلی یعنی اہل زمین وآسمان کے صاحب ہیبت ووقار ہوگا۔ الغرض بسم اللہ شریف کے بے شمار خواص مفسرین ومتصرفین اولیاء کرام نے بیان فرمائے ہیں جو ہم اس مختصر رسالہ ومضمون میں مفصل طور پر تو بیان نہیں کرسکتے مگر عوام الناس کے فائدے کے لیے بزرگان دین کی کتب اور اپنے روحانی تجربات کی روشنی میں چند مجرب اعمال پیش کرتے ہیں۔

ہیبت ووقار کیلئے

جو شخص بسم اللہ شریف عروج ماہ نو چندی جمعرات کو طلوع آفتاب کے وقت مشک وزعفران سے سفید کاغذ پر چھ سو پچیس (۶۲۵) بار لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور ساتھ ہی روزانہ سات سو چھیاسی بار بعد از نماز عشاء اول وآخر ۱۱۔۱۱ بار درود شریف کے ہمیشہ اپنے معمول میں رکھے گا اور ساتھ ہی مکروہات سے پرہیز کرے گا تو یقین جانیئے کہ ایسا شخص بین الجن والانس مشہور ومعروف ہوگا۔ عرصہ ہی میں اس کی کایا پلٹ جائے گی۔ پہلے جو لوگ اس کو حقیر سمجھ کر نظر انداز کردیتے تھے تو وہی لوگ اس سے بات کرنے میں فخر محسوس کریں گے اور ہر کوئی چھوٹا بڑا ایک نامعلوم سی کشش سے اس کی جانب کھچا چلا جائے گا۔ ایسے حضرات جن کا کاروبار پبلک ڈیلنگ سے ہے جیسے عامل، حکیم، ڈاکٹر، وکلاء، میڈیکل ریپ، سیلز مین، مِل اور فیکٹری کے مالکان کہ جن کا کام اور کاروبار نہ چلتا ہو یا چل تو رہا ہو مگر ترقی نہ کر پا رہا ہو سب کے لیے یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ راقم السطور اس عمل کے ساتھ ایک چاندی کی لوح بھی بنا کر دیتا ہے جس سے اس عمل کی تاثیر دوگنی ہوجاتی ہے۔ ساتھ ہی ایک بات کی وضاحت کرتا چلوں کہ اس عمل سے پوری طرح اس وقت فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے کہ جس وقت مطلوبہ شخص وکاروبار کسی قسم کی سحر بندش وجادو جنات کا شکار نہ ہو۔ اگر کوئی ایسی علامت نظر آئے تو پہلے اس کی تشخیص وعلاج کروائیں اور مکمل کاٹ کے بعد اس عمل کو کام میں لائیں تو ان شاء اللہ دنوں میں قسمت کا ستارہ چمک اٹھے گا۔

حصول رشتہ

لڑکی پڑھی لکھی بھی ہے، خوبصورت اور نیک سیرت بھی ہے، عمر بھی مناسب ہے مگر پھر بھی مناسب رشتہ نہیں مل رہا یا رشتے آتے ہیں مگر بات نہیں بنتی۔ اس کے لیے بھی مندرجہ بالا عمل عروج ماہ میں ساعت زہرہ میں لکھ کر سرخ ریشمی کپڑے میں تین تہہ کرکے بچی اپنے گلے میں پہنے اور ساتھ ہی روزانہ بعد از نماز عشاء تازہ وضو کے ساتھ بسم اللہ شریف بمعہ اول وآخر ۱۱۔۱۱ بار درود شریف کے خشوع وخضوع کے ساتھ رب العالمین سے حصول رشتہ کی دعا مانگیں تو ان شاء اللہ عمل کی برکت سے نیک، مخلص، دیندار اور دولت مند گھرانے میں رشتہ طے ہوگا۔

سحر ونظر بد سے حفاظت کیلئے

یہ عمل بھی بہت مجرب اور صحیح ہے کہ جو شخص یکم محرم الحرام کو زرد رنگ کے کاغذ پر یا ہرن کی جھلی پر ۳۱۳ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اور دعائے انسؓ ایک بار آیت الکرسی اور معوذتین ایک ایک بار لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور ساتھ ہی روزانہ بعد از نماز عشاء ۳۱۳ بار بسم اللہ شریف کا ورد جاری رکھے گا تو ایسا شخص ساحروں اور حاسدوں سے محفوظ رہے گا اور اس پر دشمن وحاسد کبھی غلبہ نہیں پاسکیں گے۔

Whatsapp +92-322-4773786
www.khazinaerohaniyat.com/magazine/urdu
دینی مدارس کے طلبا اور طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/bZ8OM2

ناجائز زمین وغیرہ پر قبضے سے چھڑانے کا عمل

اگر کسی ظالم شخص نے مکان، جائیداد وغیرہ قبضے میں دبا رکھی ہو اور اس شخص سے انسان ظاہری و مادی طور پر مقابلہ نہ کرسکتا ہو تو ایسے ظالم انسان کو روحانی طور پر سزا دینے کا مجرب عمل پیش کیا جاتا ہے۔ مگر یہ عمل اس وقت کام دے گا جب آپ قانوناً شرعاً حقدار ہوں گے بصورت دیگر نہ صرف آپ کا عمل بے کار جائے گا بلکہ الٹا اس عمل کی رجعت کا شکار ہو کر خود طرح طرح کے معاملات میں پھنس جائیں گے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک ہزار گندم یا چنے یا دیسی نمک کے ٹکڑوں پر پہلے ہر ایک پر نجاۃ منك یا سیدالکریم نجنا وخلصنا بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کریں، تعداد پوری ہونے کے بعد پھر انہیں دانوں پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھ کر دم کرتے جائیں پھر ان دانوں کو کسی سفید کپڑے مثل کفن کے باندھ کر اندھے کنویں یا قبرستان میں دفن کرتے جائیں۔ یہ عمل مسلسل نو منگل کرنا ہے۔ ان شاء اللہ نو منگل نہ گزر پائیں گے کہ وہ شخص ہلاکت و ابتری میں مبتلا ہو کر ظلم کے قابل نہیں رہے گا، بہت مجرب اور تیر بہدف عمل ہے۔

دفع بلا کیلئے

جب کسی بلا یا مصیبت یا کسی طاقتور دشمن یا بلیک میلر سے کسی طور پر نجات نامل رہی ہو تو روزانہ بعد از نماز عشاء ۷۸۶ بار نجاۃ منك یا سیدالکریم نجنا وخلصنا بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم آخر درود تنجینا ۱۱-۱۱ بار پڑھ کر نہایت ہی خشوع وخضوع سے اللہ رب العزت سے اس مصیبت سے نجات کی دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد ایسے غیبی اسباب پیدا ہو جائیں گے کہ جس سے اس مصیبت سے چھٹکارا مل جائے گا۔ یہ عمل راقم السطور کے مجربات سے ہے۔

بسم اللہ کا نقش

یہ نقش فقیر کو سن انیس سو ترانوے (1993ء) میں شیخ القرآن حضرت بابرکت مولانا غلام غوث آریانویؒ نے عطا فرمایا تھا اور اپنی نگرانی میں اس کی زکوٰۃ دلوائی تھی۔ پھر جب فقیر نے مشہور زمانہ عملیاتی رسالہ فلکیات میں مضامین لکھنا شروع کیے تو انہیں دنوں میں اسلام آباد سے ایک ماہر علم حاضرات نے بھی فلکیات میں مضامین لکھنا شروع کیے تو ملک کے طول وعرض سے بڑی تعداد میں لوگوں نے ان سے رجوع کرنا شروع کر دیا۔ موصوف کا دعویٰ تھا کہ غوث پاکؒ کے گیارہویں خادم روحانی طور پر اس کے پاس حاضر ہوتے ہیں (استغفر اللہ)۔ قصہ مختصر حاضرات تو نہ ان کو آتی تھی، نہ ہی وہ اپنے کسی شاگردوں کو کامیاب کرا سکے اور پیسے لے کر پھر خود بھی خوب بدنام ہوئے البتہ اس دوران میں اس شخص نے لوگوں سے کافی کتب واعمال اکٹھے کر کے قلمی کتابوں میں خوبصورت تحریر سے لکھ کر چھپوائے۔ ان کتب میں سارا مواد لوگوں ہی سے اکٹھا کر کے اپنے نام سے لکھ ڈالا۔ میرے سے بھی بے شمار اعمال لیے اور اپنے نام سے شامل کر دیا۔ ان ہی اعمال میں یہ نقش بھی تھا جو اسے میں نے دیگر اعمال کے ساتھ دیا تھا۔ طریقہ اس نقش کی زکوٰۃ کا بہت ہی آسان ہے کہ عروج ماہ میں صرف ۱۵۱۴ بار اس نقش کو دیسی سیاہی یا زعفران سے چاہے جتنے دنوں میں مگر تعداد پوری کر کے کسی مٹی کے برتن میں بند کر کے کسی میدان یا پہاڑ کہ جہاں بے ادبی بھی نہ ہو اور کوئی نکال بھی نا سکے۔ دبا دیں اور حسب توفیق صدقہ بھی دے دیں۔ اب آپ اس نقش کے عامل ہو گئے، حسب ترکیب اسے تمام مقاصد واعمال میں استعمال کریں خصوصاً لاعلاج بیماریوں کے لیے تو تیر بہدف ہے گزشتہ ۲۸-۲۹ سالوں میں راقم السطور ہزاروں مریضوں کو لکھ کر دے چکا ہے اور الحمد للہ ہمیشہ اسے تیر بہدف ہی پایا۔ جو احباب اس نقش کی زکوٰۃ دینا چاہیں وہ دارالعمل چشتیہ یا فقیر سے خصوصی اجازت لے لیں کیونکہ فقیر اس نقش کا مجاز ہے۔ نقش خاکی چال سے لکھنا ہے۔

۷۸۶

۲۶۱	۲۶۶	۲۵۹
۲۶۰	۲۶۲	۲۶۴
۲۶۵	۲۵۸	۲۶۳

الٰہی بحرمت کھیعص حمعسق

مزید اعمال بھی لکھنا چاہتا تھا مگر رسالے کے صفحات اس کی اجازت نہیں دیتے۔ ان شاء اللہ مزید اقساط میں دیگر مجرب اعمال پیش کیے جائیں گے۔

Whatsapp +92-322-4773786 darulamal.org/magazines/rabani

اوراد، وظائف، جادو کے توڑ، علم الاعداد، پامسٹری، اسم اعظم، جنات، تسخیرات، ہپناٹزم، عملیاتِ رزق پر راہنما کتب

1 خواب نامہ یوسفی

شیخ محمد حسین آزاد

عام قیمت: 400 روپے

2 توشہ آخرت

مولانا نوید اصغر شمسی

عام قیمت: 300 روپے

3 اصلی جادو کا توڑ

سید تنویر حسین شاہ

عام قیمت: 360 روپے

4 اوائل الخیرات

مولانا عبدالغفور خان نامی

عام قیمت: 140 روپے

5 آسٹرو پامسٹ

محمد معظم خان

عام قیمت: 595 روپے

6 ہاتھ کی زبان

پروفیسر ایم اے ملک

عام قیمت: 550 روپے

7 جادو کا آسان علاج جو آپ خود بھی کر سکتے ہیں

الشیخ محمد منیر قمر

عام قیمت: 100 روپے

8 ہمارے مسائل کا قرآنی حل

خان آصف

عام قیمت: 200 روپے

9 اوراد فتحیہ مع رتاب

اظہر اقبال چشتی

عام قیمت: 50 روپے

10 عجیب اور سحر سے عجائب

ماخوذہ: نور الشناء شیخ فیض محمد چشتی قادری

عام قیمت: 60 روپے

11 نادر علی فضائل و عملیات

صوفی محمد لطیف نقشبندی

عام قیمت: 100 روپے

12 نام بنے پہچان

حفیظ گوہر

عام قیمت: 120 روپے

13 قوم جنات

تالیف: علامہ عابد عسکری

پُراسرار اور مخفی مخلوق کے بارے میں ایک علمی اور تحقیقی کاوش

عام قیمت: 500 روپے

14 اسم اعظم کے کمالات

مصنف: محمد لیاقت لاہوری

اسم اللہ اور درود شریف کے حیرت انگیز واقعات۔

عام قیمت: 1000 روپے

15 اصلی کنز الحسین

تدوین: پیر سید ارتضیٰ علی شاہ کرمانی

عامل کامل بنانے والی عملیات کی قدیم سرتاج اصلی کتاب

عام قیمت: 500 روپے

16 برکات اسم اعظم

تالیف: علامہ عابد عسکری

پُراسرار اور مخفی مخلوق کے بارے میں ایک علمی اور تحقیقی کاوش

عام قیمت: 450 روپے

17 عملیات رزق

مولف: علامہ عابد عسکری

ادائیگی قرض، رزق میں خیر و برکت اور وسعت کیلئے مجرب و آزمودہ وظائف

عام قیمت: 400 روپے

18 عملیات تسخیر محبت

مولف: علامہ عابد عسکری

☆شوہر کے دل میں محبت پیدا کرنا ☆عورت جو چاہے مرد ویسا ہی کرے ☆ساس کو بہو کے تابع کرنے کا عمل وغیرہ۔

عام قیمت: 600 روپے

19 ہپناٹزم اور آپ کی صحت

مرتب: ڈاکٹر ایم اے برلاس

جنسی، جسمانی، نفسیاتی بیماریوں سے نجات پانے، منفی رویوں اور عادات ترک کرنے، صحت مند کامیاب زندگی گزارنے کے رہنما اصول پر مشتمل دستاویز

عام قیمت: 750 روپے

20 آفتاب گنجینہ وظائف

عملیات (کلاں) فوٹو کاپی

مولف: ڈاکٹر اللہ رکھا قریشی

برائے عمل حاجات ☆متفرق عملیات وظائف ☆برائے محبت خلائق ☆تسخیر عالم کیلئے ☆نظر بد ندھنا وغیرہ

قیمت: 720 روپے

21 منزل کلاں

قیمت: 35 روپے

22 اسماء النبی ﷺ

قیمت: 100 روپے

23 پیارے نبی ﷺ کے پیارے اذکار

قیمت: 60 روپے

24 ربنا

قیمت: 30 روپے

25 الاسماء الحسنیٰ مع فوائد

قیمت: 100 روپے

26 روزمرہ کی مسنون دعائیں

قیمت: 30 روپے

27 منزل

پیر محمد کرم شاہ الازہری، قیمت: 65 روپے

28 سورۃ واقعہ کا خاص ورد

قیمت: 40 روپے

+maktabatulaarif
0323-4487877
042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل الچشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877
+maktabatulaarif
ادارے کا اسلامی رسالہ "خزینۂ علم و عمل" goo.gl/LPpGHe

حزب النور وقضاء الحوائج للامام الجیلانی نور اللہ مرقدہ

مرتب خالد مقبول حفظہ اللہ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

وَصَلَّى اللهُ عَلَى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، بِسْمِ اللهِ النُّورِ، الْحَمْدُ الَّذِي هُوَ مُدَبِّرُ الأُمُورِ، وَالْحَمْدُ لله الَّذِي هُوَ خَالِقُ النُّورِ، وَأَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلَى جَبَلِ الطُورِ، فِي كِتَابٍ مسطورٍ، وَعَلَى السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ مَشْكُورُ، الْحَمْدُ لله الَّذِي أَنْزَلَ الكِتَابَ، الْحَمْدُ لله الَّذِي خَلَقَ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضَ وَجَعَلَ الظُلُمَاتِ وَالنُّورَ، ثُمَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ. كهيعص حم عسق إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ، اللهَ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يُرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ القَوِيَّ العَزِيزَ. يَا كَافِ كُلَّ شَيْءٍ اِكْفِنِي مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَاصْرِفْ عَنِّي كُلَّ شَيْءٍ فَإِنَّكَ قَادِرٌ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ، سُبْحَانَ اللهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَالْحَمْدُ للهِ وَاللهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ العَلِيِّ العَظِيمِ. بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، بِسْمِ اللهِ خَيْرُ الأَسْمَاءِ إِلَهُ الأَرْضِ وَالسَّمَاءِ، بِسْمِ اللهِ الَّذِي لَا يُضِرُّ مَعَ اِسْمِهِ شَيْءٌ فِي الأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ العَلِيمُ، بِسْمِ اللهِ أَصْبَحْتُ وَأَمْسَيْتُ وَعَلَى اللهِ تَوَكَّلْتُ. اَللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ العَظِيمِ الأَعْظَمِ، وَبِوَجْهِكَ الكَرِيمِ الأَكْرَمِ، وَأَسْأَلُكَ بِفَضْلِكَ عَلَى جَمِيعِ خَلْقِكَ، يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ يَا مُجِيبَ الدَّعَوَاتِ يَا عَالَمَ السِّرِّ وَأَخْفَى يَا غَافِرَ الخطيئاتِ يَا قَابِلَ التوباتِ يَا مُقِيلَ العَثَرَاتِ يَا مُضَاعِفَ الحَسَنَاتِ يَا مُتَجَاوِزًا عَنِ السَّيِّئَاتِ يَا مفرِّجَ الكرباتِ يَا قَابِلَ الصَّدَقَاتِ يَا دَافِعَ البليات يَا وَاسِعَ العطياتِ يَا هَادِياً عَنِ الضلالة يَا فَاطِرَ السَّمَوَاتِ يَا مَنْزِلَ الآيَاتِ، مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمَوَاتٍ، يَا سَاتِرَ القَبِيحَاتِ، يَا قَاضِيَ الحَاجَاتِ يَا دَافِعَ البلياتِ. يَا عَظِيمَ الرَّجَاءِ انْقَطَعَ الرَّجَاءُ إِلَّا مِنْكَ أَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ خَلْقِكَ وَمُظْهِرِ حَقِّكَ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ أَجْمَعِينَ وَسَلِّمْ تَسْلِيماً كَثِيراً وَحَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الوَكِيلُ نِعْمَ المَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِيرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ العَلِيِّ العَظِيمِ. اَللَّهُمَّ بِحَقِّ هَذَا السِّرِّ المَكْنُونِ المَخْزُونِ الَّذِي هُوَ بَيْنَ الكَافِ والنونِ، أَنْ تَجْعَلَ لِي مِنْ كُلِّ هَمٍ وَغَمٍ فَرَجاً، وَمِنْ كُلِّ ضِيقٍ مَخْرَجاً، وَأَنْ تَجْمَعَ لِي بَيْنَ خَيْرَيِ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَأَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيَ الَّتِي أَنْتَ تَعْلَمُهَا فِي وَقْتِي هَذَا، مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

فہم ختم نبوت، خط وکتابت کورس

سکول وکالجز ودینی مدارس کے طلباء وطالبات نیز تمام خواتین وحضرات کیلئے شاندار موقع

داخلہ جاری ہے (داخلہ بذریعہ ایس ایم ایس بھی ہوسکتا ہے) مفت

خط وکتابت کے ذریعے گھر بیٹھے عقیدۂ ختم نبوت سے مکمل آگاہی اور منکرین ختم نبوت کے عقائد ونظریات سے واقفیت حاصل کریں۔ داخلہ کیلئے سادہ کاغذ پر اپنا نام، ولدیت، تعلیم وپیشہ، فون نمبر اور ڈاک کا مکمل پتا لکھ کر ارسال کریں ایک لفافہ میں صرف ایک ہی درخواست بھیجیں۔ کورس مکمل کرنے پر ایک خوبصورت سند، جبکہ نمایاں کارکردگی پر شرکاء کو خصوصی تحائف دیئے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رابطہ: دفتر مجلس احرار اسلام
جامع مسجد سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
محلہ صدیق اکبر تلہ گنگ (غرب) ضلع چکوال

فون/فیکس: 0543-412201
ڈاکٹر محمد عمر فاروق 0300-5780390
(مولانا) تنویر الحسن 0300-4716780

+92-322-4773786 whatsapp

ہر قسم کی بندش سے نجات کے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

ہر بند چیز کو کھولنے کا عمل

حضرت غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورت مزمل شریف پڑھ کر بند تالہ (قفل) پر دَم کریں۔ پھر اسے کھول دیں۔ اور اس کو کسی برتن میں رکھ کر پانی ڈال دیں۔ ایک ہفتہ وہی پانی مریض کو پلاتے ہیں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ سحر جادو کی وجہ سے جو باندھا گیا ہو، کھل جائے گا خواہ کسی کی مردمی طاقت باندھی گئی ہو۔ خواہ کسی کا رشتہ باندھا گیا ہو۔ خواہ کسی کا کاروبار باندھا گیا ہو۔ اگر مکان فروخت نہیں ہو رہا تو وہ پانی وہاں چھڑک دیں۔ صحن اور دیواروں پر۔ اگر کاروبار نہیں چلتا تو کاروبار کی جگہ چھڑک دیں۔ اگر گاڑی نہیں چلتی یا فروخت نہیں ہوتی تو اُس میں چھڑک دیں۔ سب ٹھیک ہو جائے گا۔

کشادگی بندش ہر قسم

حضرت غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف، پھر الحمد شریف گیارہ (۱۱) مرتبہ، آیت الکرسی اکتالیس (۴۱) بار، سورۃ یٰسین ایک مرتبہ، قل یا ایھا الکفرون تین مرتبہ، سورۃ الاخلاص و سورۃ الفلق و سورۃ الناس تین- تین بار، الم سے ھم المفلحون تک ایک بار، دوبارہ الحمد شریف ایک مرتبہ۔ یہ سب ایک بار ہو۔ اس طرح یہ عمل تین بار پڑھیں اور پانی پر دم کریں۔ اگر بندش دکان یا مکان کی ہو تو پانی چند مرتبہ چھڑک دیں۔ جانور کی ہو تو اسے پلائیں یا چھڑکیں۔ اگر مریض مرد و زن ہوں تو غسل بھی دیں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ ہمہ قسم کی بندش ختم ہو جائے گی۔

بندش ہر قسم کو کشادہ کرنا

حضرت غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کسی لڑکی کا عقد بستہ کر دیا گیا ہو اور بخت نہ کھلتا ہو یا کسی مرد کی شہوت بستہ کر دی گئی ہو اور وہ جماع پر قادر نہ ہو یا کسی کے رزق کی بندش کی گئی ہو، کاروبار نہ چلتا ہو ..... سب کیلئے لوبان پر پوری سورۃ فاتحہ ایک سو تر تالیس (۱۴۳) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ روزانہ رات کو سوتے وقت مرد و زن کو اس کا بخور دیں اور کاروبار کی جگہ روزانہ صبح کے وقت بخور دیں۔ کم از کم ایک ہفتہ اور زیادہ سے زیادہ چالیس یوم تک مگر روزانہ نئے لوبان پر ایک سو تر تالیس (۱۴۳) مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنا ہوگی۔

بندش ختم کرنے کا زبردست آزمودہ عمل

اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک، ایک مرتبہ سورۂ مزمل، ایک مرتبہ سورۂ نوح، گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور چاروں قل گیارہ مرتبہ۔ یہ پڑھ کر پانی پہ دم کر کے پانی پئیں اور گیارہ دن ہی پانی میں نہانے سے پہلے ایک مٹھی نمک کی ڈال کر غسل کرنا ہے۔ ناغہ نہیں ہونا چاہیے۔ گیارہ دن مکمل کرنے ہیں۔ جس دن چھوڑ دیا، دوبارہ پھر سے شروع کرنا پڑے گا۔ ان شاءاللہ، بداثرات، نحوست، رجعت اور بندش ختم ہو جائے گی۔ گیارہ دن کا عمل ہے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے حسب توفیق بڑے گوشت کا صدقہ لازمی دینا ہے۔

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا مجرب الجرب عمل

بندش کیسی بھی ہو، وجہ کچھ بھی ہو، انسان پر ہو، جگہ پر ہو یا کسی بھی چیز پر ہو..... اس عمل سے ہر قسم کی بندش بہت جلد ختم ہو جاتی ہے۔

مندرہ شاہ علی یا مندرہ کبیر کو گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پینے کو دیں۔ جگہ کے لیے چھڑکنے کو دیں۔ نیز جگہ کے لیے سات بزرگوں کی قبروں کی مٹی پر علیحدہ گیارہ بار پڑھ کر دم کریں اور اس جگہ کے چاروں کونوں میں رکھ دیں۔

Whatsapp +92-322-4773786
Darulmaarifat Ghousia, Lahore
www.darulmaarifat.org/magazine/khazina.html

خاتم شفاء الامراض

آسیب، مرگی اور ہر مرض سے شفاء کے لیے سریع التاثیر خاتم

حضرت پیر غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ

عدد (66066) کا ایک نقش مثلث وضع کریں۔ جس کے ہر ضلع پر اللہ لکھا ہو۔ پھر اس مثلث کے اردگرد بسم اللہ، سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی اور سورۃ اخلاص حروف مقطعات میں لکھیں۔ جس کا طریقہ یہ ہے۔ ''ب س م ال ل ہ ال رح م ن ال رح ی م ال ح م دل ل ہ رب ال ع ال م ی ن'' سے لے کر آمین تک لکھیں۔ آیت الکرسی اور سورۃ اخلاص بھی الگ الگ حروف میں لکھیں۔ اور پھر درود شریف لفظوں میں تبرکاً لکھیں۔ خاتمہ پر مریض کا نام معہ والدہ لکھ کر اس کو تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ مگر پہلے اس پر سورہ فاتحہ اور سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر یں اور پھر درود پاک پڑھیں۔ یہ خاتم خاکی رفتار سے پر کی گئی ہے۔ پہلا خانہ عدد (۲۲۰۱۸) سے شروع ہوتا ہے۔

اگر مرگی اور آسیب زدہ فرد پر آیت الکرسی اور اس کے کلمات کی تعداد کے مطابق پچاس مرتبہ یا اس کے حروف کی تعداد کے مطابق یعنی ایک سو ستر مرتبہ یا مرسلین کی تعداد کے مطابق یعنی ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور متواتر تین دن یا سات دن یا اس سے زیادہ ایسا کرتے رہیں تو اللہ تعالیٰ اس مریض کو کامل شفاء عطا فرمادے گا۔ اور جو شخص صلوٰۃ ناریہ تفریجیہ مریض پر یا دیوانے پر یا آسیب زدہ فرد پر (4444) مرتبہ پڑھ کر دم کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اُسے شفاء کامل عطا فرمادے گا۔

صلوٰۃ ناریہ تفریجیہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِھَا الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِہِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِہِ الْحَوَائِجُ وَ تُنَالُ بِہِ الْوَغَائِبُ وَحُسْنَ الْخَوَاتِمِ وَیُسْتَسْقَی الْغَمَامِ بِوَجْہِہِ الْکَرِیْمِ عَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ فِیْ کُلِّ لَمْعَۃٍ وَنَفْسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

اور خاتم شفاء الامراض یہ ہے:

ھوالشافی	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ شافی
اللہ	۲۲۰۱۹ شفا محمد	۲۲۰۲۶ شفا محمد	۲۲۰۲۱ شفا محمد	اللہ
اللہ	۲۲۰۲۴ شفا محمد	۲۲۰۲۲ شفا محمد	۲۲۰۲۰ شفا محمد	اللہ
اللہ	۲۲۰۲۳ شفا محمد	۲۲۰۱۸ شفا محمد	۲۲۰۲۵ شفا محمد	اللہ
اللہ معافی	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ کافی

دفع آسیب کا خاص عمل

ہدیہ: 1600 روپے

ایک ایسا عمل جو جنات و آسیب زدہ مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کے لیے، بہت ضروری ہے۔ اس عمل کے چند فوائد:

* سخت سے سخت آسیب مریض کا جسم چھوڑ کر چلا جائے گا۔
* سخت سے سخت آسیب کا اثر مریض پر سے ختم ہو جائے گا۔
* سخت سے سخت آسیب گھر و دفتر سے نکل جائے گا۔
* سخت سے سخت آسیب بلڈنگ سے نکل جائے گا۔
* سخت سے سخت آسیب فیکٹری و گودام سے نکل جائے گا۔
* سخت سے سخت آسیب زمین، رقبہ، کھیت سے نکل جائے گا۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ
0320-7772775, 042-35410586
ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 ruhanidarsgah97

Whatsapp +92-322-4773786

سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

میرے پاس ایک بہن اپنے مسائل لے کر آئی

میرے پاس ایک بہن اپنے مسائل لے کر آئی اور کہنے لگی کہ شادی کے بعد میری طبیعت خراب رہنا شروع ہوگئی۔ ہر وقت سر سے لے کر پاؤں تک کوئی نہ کوئی مسئلہ رہنے لگا، میں بہت پریشان تھی۔ کہ میں کیا کروں، کس کو کہوں اور کیسے کہوں۔ چونکہ جیسے میں نے آپ کو بتلایا ہے کہ ہر وقت کوئی نہ کوئی تکلیف جسم میں رہتی تھی، کبھی سر درد تو کبھی ٹانگوں میں درد ہونے لگتا تھا، ان سے کچھ افاقہ ہوتا تو کمر درد شروع ہوجاتی تھی۔ کمر درد جب کچھ بہتر ہوا تو دل میں درد شروع ہوجاتا۔ آپ مذاق سمجھیں گے کہ شاید میں مذاق کر رہی ہوں۔ یہ بالکل حقیقت اور سو فیصد سچ بتلا رہی ہوں، میرا اللہ جانتا ہے کہ میں جھوٹ نہیں بول رہی ہوں۔ اچھا اگر ان بیماریوں سے جان چھوٹی تو میرا معدہ خراب ہوجاتا تھا۔ میں نے ایک دن تنگ آکر یہ ساری باتیں اپنے خاوند کو بتلائیں تو وہ مجھے قریبی کلینک پر لے گئے، ڈاکٹر صاحب نے مختلف ٹیسٹ کروانے کا کہا کہ یہ تمام ٹیسٹ کروالائیں۔ تمام ٹیسٹ کروانے کے بعد جب ہم اپنی ٹیسٹ رپورٹس لے کر ڈاکٹر صاحب کے پاس آئے تو انہوں نے رپورٹس دیکھنے کے بعد بڑے غور سے میری طرف دیکھا اور کہنے لگے کہ بیٹی آپ کی تمام رپورٹس بالکل کلیئر ہیں۔ آپ بالکل فٹ ہیں، آپ کو کچھ مسئلہ بھی نہیں ہے۔ وہ میری طرف دیکھ رہے تھے اور میں ان کی طرف دیکھ رہی تھی، اس لیے کہ میری تو جان پر بنی ہوئی تھی۔ اور وہ کہہ رہے تھے کہ آپ بالکل ٹھیک کریں۔ اور شاید کہ وہ مجھے اس لیے غور سے اور حیرانگی سے دیکھ رہے کہ شاید میں کوئی بہانہ لگا رہی ہوں یا پھر کوئی کہانی سنا رہی ہوں۔ پھر وہ مجھ سے پوچھنے لگے کہ آپ کو نیند ٹھیک آتی ہے؟ آپ کو کوئی ٹینشن تو نہیں ہے؟ ان کے سوالات سے میں بڑی حیران ہوئی، اس لیے کہ یہ نیند نہ آنے یا ٹینشن کے سوالات مجھ سے پوچھنا ٹھیک تھا۔ نیند تو مجھے جسمانی دردوں کی وجہ سے نہیں آتی تھی۔ ساری رات کروٹیں بدلتے گزر جاتی تھی اور کبھی آنکھ لگ بھی جاتی تو تھوڑی دیر کے بعد آنکھ کھل جاتی تھی۔ دوسرا سوال جو انہوں نے کیا تو وہ بھی ٹھیک تھا کہ ٹینشن تو میں بالکل لیتی تھی کہ شادی سے پہلے بالکل ٹھیک ٹھاک اور شادی کے بعد بیماریاں ہی بیماریاں شروع ہوگئی تھیں۔ لیکن ان کے باقی سوالات کچھ ایسے تھے کہ وہ مجھے نفسیاتی مریض سمجھ رہے تھے۔ مجھے ان پر ہنسی بھی آرہی تھی اور کبھی غصہ بھی آرہا تھا کہ میں ان کو پاگل دکھائی دے رہی ہوں بہر حال انہوں نے میرے خاوند سے صاف کہہ دیا کہ اس کو کوئی میڈیکلی پرابلم نہیں ہے، میں آپ کے پیسے ضائع نہیں کروانا چاہتا اور نہ ہی آپ کو دھوکے میں رکھ کر اپنی فیس اور ادویات بیچنا چاہتا ہوں، آپ ایسا کریں کہ ان کو کسی روحانی معالج سے چیک کروائیں۔ وہاں سے آپ کے بعد ہم نے کئی روحانی عاملین سے علاج کروایا لیکن کوئی خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوا۔ وقتی فرق پڑ جاتا تھا یا چند دنوں کیلئے میں ٹھیک ہو جاتی تھی پھر وہی تکالیف شروع ہوجاتی تھیں۔ اسی اثناء میں ہمیں کسی نے دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کا بتلایا کہ آپ وہاں جائیں۔ ہم وہاں گئے تو انہوں نے روحانی تشخیص کے بعد روحانی علاج بھی دیا اور سات سلام چہل کاف کے عمل کی اجازت لینے اور اس کو معمول میں رکھنے کا کہا۔ وہ دن ہے اور آج کا دن ہے، میں اللہ کے فضل سے بالکل ٹھیک ٹھاک ہوں۔ تندرست ہوں۔ تمام تکلیفیں ختم ہوگئی ہیں، ایسے لگتا ہے کہ میں کبھی بیمار تھی ہی نہیں اور نہ ہی مجھے کوئی تکالیف ہوئی تھیں۔ میری ان تمام بہنوں سے گذارش ہے کہ جو جسمانی لحاظ سے مختلف بیماریوں کا شکار ہیں کہ وہ دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ سے ضرور رجوع کریں۔ روحانی چیک اپ کروائیں۔ تاکہ آپ کو پتہ چلے کہ آپ کی بیماریاں روحانی ہیں یا میڈیکل ہیں۔ اگر روحانی ہیں تو روحانی علاج کروائیں، اگر جسمانی ہیں تو پھر ادویات کھائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں اپنی تمام بہنوں سے کہنا چاہتی کہ وہ سات سلام چہل کاف کا عمل ضرور لیں، اس عمل سے آپ کے تمام مسائل ان شاء اللہ حل ہوجائیں گے۔

Whatsapp +92-322-4773780 darulamal.org/magazine/urdu

حفاظت کی دعائیں

مرتب: محمد حنیف بن عبدالمجید

ہر موذی کے شر سے حفاظت کا نبوی نسخہ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جمعہ کے بعد قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس۔ سات سات مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک اسے مصائب اور برائیوں سے محفوظ رکھے گا۔ ایک روایت میں اس کے ساتھ سورۃ الفاتحہ بھی ہے۔ یہ دو سورتیں قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ۔ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد تین (۳) مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر شریر کے شر سے حفاظت ہوگی۔

(جامع الترمذی، ۳/ ۱۸۴) (ابن سنی: ۱۳۴، الرقم: ۳۷۷)

جب کسی خبر سے خوف و دہشت محسوس ہو

۱)..... حضرت عمرو بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (انسانوں یا جانوروں سے) خوف و دہشت کے وقت یہ دعا سکھاتے تھے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ، مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ، وشَرِّ عِبَادِهٖ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ، وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ

(جامع الترمذی: ۱۸۴، اذکار: ۸۴)

ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کے کلمات تامہ کے ذریعے ان کے غضب سے، ان کے بندوں کے شر سے، شیاطین کے وسوسوں سے اور یہ کہ وہ (میرے پاس) حاضر ہوں۔

۲)..... اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَوْتِ الْفُجَآءَةِ وَمِنْ لَّدْغَةِ الْحَيَّةِ وَمِنَ السَّبُعِ وَمِنَ الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ وَمِنْ اَنْ اَخِرَّ عَلٰى شَیْءٍ وَّمِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ

(جمع الجوامع، حرف المیم، الرقم: ۳۵۴۰)

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں اچانک موت سے اور سانپ کے کاٹنے سے اور درندوں سے اور ڈوب جانے سے اور جل جانے سے اور اس بات سے کہ میں کسی چیز پر گر پڑوں اور لشکر کے بھاگنے کے وقت قتل ہونے سے۔

۳)..... اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فُجَآءَةِ الْخَيْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ۔ (الجامع الصغیر: ۱/ ۹۸۳، الرقم: ۹۸۴۵)

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے کسی سبب کے بغیر بھلائی کا طالب ہوں اور ناگہانی شر سے تیری پناہ لیتا ہوں۔

۴)..... اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ، وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ۔ (تحفۃ الذاکرین بعدۃ الحصن الحصین للشوکانی، الباب الاول فی فضل الذکر والدعاء: ۴۱)

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں ان چیزوں کی برائی سے جن کو میں جانتا ہوں اور ان کی برائی سے بھی جن کو میں نہیں جانتا۔

اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی بُری خبر معلوم ہو تو اس کے شر سے پناہ مانگنی چاہیے۔ بُری خبر کے شر سے بچنے کا طریقہ یہ بھی ہے کہ اس خبر پر تبصرہ نہ ہو اور بلا تحقیق پیغام (ایس ایم ایس) آگے نہ بھیجے جائیں۔

جب کسی دشمن یا قوم سے خوف ہو

۱)..... حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی قوم سے خوف محسوس فرماتے تو یہ دعا مانگتے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

(سنن ابی داؤد: ۱/ ۲۱۵)

ترجمہ: اے اللہ! ہم آپ کو ان کا مدمقابل بناتے ہیں اور ان کی برائیوں سے آپ کی پناہ مانگتے ہیں۔

جب انسان کسی ایسے شخص کو دیکھے جس سے تکلیف پہنچنے کا خطرہ ہو یا دشمن سامنے آجائے تو یہ دعا مانگے:

۲)..... اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ (ابونعیم فی المستخرج، حسن: ۳۴۴۴)

ترجمہ: اے اللہ! جس طرح آپ چاہیں، ہمارے لیے اس شخص سے کافی ہو جائیں۔

Darul Amal Khizina Ruhaniyat Digital Magazine/Library
Whatsapp +92-322-4773786

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

برائے جولائی سنہ ۲۰۲۰

مفرور کے لیے تالے والا عمل

اگر کسی کا کوئی عزیز، دوست، ملازم وغیرہ بھاگ گیا ہو اور واپس نہ آ رہا ہو تو ایک خاص عمل جو دیسی تالے پر کیا جاتا ہے، اس سے فائدہ اٹھائیں۔ ایک عدد لوہے کا دیسی تالا ادارہ میں بھجوائیں یا اس کی قیمت ادا کر کے عمل حاصل کریں۔

قرآن نہ بھولنے کا خاص عمل

قرآن یاد کر کے بھولنا بہت بڑا گناہ ہے اور تجربہ یہی ہے کہ اس گناہ کا وبال دنیا میں ہی انسان کو دیکھنا پڑتا ہے۔ یہ ایک خاص ورد ہے، جس کو پڑھنے سے کبھی بھی قرآن نہیں بھولے گا۔

بیماری... صحت میں بدل جائے

ایک خاص درود شریف کا ورد، جس کو کرنے سے ہر طرح کی بیماری، صحت میں بدل جائے۔ صرف نمازی افراد کے لیے۔

رحمتِ خداوندی کے لیے

ایک خاص وظیفہ ہے، جس کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت متوجہ ہوتی ہے اور انسان کی زندگی میں اللہ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں۔

مکان کی آفتوں سے حفاظت

مکان کی ہر طرح کی آفات سے حفاظت کے لیے ایک خاص تعویذ جو اسلامی ماہ کے نو چندی دنوں میں صرف ایک وقت تیار کیا جاتا ہے۔

کاروبار خوب چلے

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کا کاروبار بہت زیادہ چلے، بہت زیادہ آمدن ہو تو چالیس یوم پر مشتمل عمل حاصل کریں۔ ان شاء اللہ، اس عمل کو کرنے کے بعد کاروبار بہت زیادہ چلنا شروع ہو جائے گا۔

حمل کی حفاظت

حمل کی حفاظت کے لیے چالیس روز پر مشتمل وظیفہ..... اس وظیفہ کی برکت سے ان شاء اللہ، حمل ہر طرح سے محفوظ رہے گا۔

بہت رونے والے بچوں کا علاج

کثرت سے رونے والے بچے، ہر وقت رونے والے بچوں کے روحانی علاج کے لیے یہ عمل حاصل کریں۔

رزق میں برکت

رزق میں برکت کے لیے خاص تعویذ اور وظیفہ حاصل کریں۔ یہ عمل وہی لوگ منگوائیں، جو زیادہ تعداد میں روزانہ ورد کر سکتے ہوں۔ جو افراد وقت کی کمی یا کسی اور سبب کی وجہ سے ایک وقت یا دن بھر مختلف اوقات میں زیادہ ورد نہ کر سکتے ہوں، ان کے لیے یہ عمل نہیں ہے۔

.....*.....*.....*.....*.....*.....

نوٹ یہ تمام روحانی خدمات صرف جون سنہ ۲۰۲۰ کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

شرائط کے لیے www.darulamal.org/ruhaniilajgah

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

0324-7772772 ruhaniilajgah96

WhatsApp +92-322-4776780 darulamal.org/magazine

تسخیرِ جنات کے اعمال

محمد عبدالرؤف بلوچ (کوئٹہ)

مختصر ریاضت برائے تسخیر اجنہ

صاحب شموس الانوار فرماتے ہیں کہ تسخیر جن کے سلسلے میں یہ مختصر ترین ریاضت جو کہ صرف دس ایام پر مشتمل ہے۔ جو کوئی بھی تسخیر جن کا شائق ہو۔ اسے چاہیے کہ نوچندی جمعرات سے صوم وصیام وخلوت اور پرہیز جلالی وجمالی سے اس ریاضت کا آغاز کرے اور بروز جمعۃ المبارک ہر نماز کے بعد یہ عزیمت 140 بار، بوقت تہجد یا رات کو سونے سے پہلے ۱۰۰۰ بار پڑھے۔ اور دسویں روز بوقت تہجد یا رات کو سونے سے پہلے ۱۰۰۰ کی بجائے ۳۰۰۰ ہزار بار یہی عزیمت پڑھے۔ عزیمت یہ ہے:

سربود (تین مرتبہ)۔ بنوح (تین مرتبہ)۔ عاجول (تین مرتبہ)۔ وطمیول (تین مرتبہ)۔ اقبل یا ابالکلب وافعل وامرتك بحق هذه الاسمآء السریانیة وانه لقسم لو تعلمون عظیم۔

دسویں رات اس ریاضت کا خادم (جن) بصورت کلب (سگ) حاضر ہوگا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اب عامل کو چاہیے کہ نہایت سکون واطمینان اور بلاخوف خطر اس سگ سے عہد و پیمان لے کر خادم (جن) کو دائمی طور پر اپنا غلام بنائے۔ حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔ یہ جن آپ کے تمام امور میں معاون ومددگار رہے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ جیسے کہ!

جلب القبول۔ محبة بین الرجال والنساء، فراق بین الرجال والنساء والتمریض، جلب السحر، اخراج الکنوز والدفائن من الارض۔ اگر بالفرض دسویں رات خادم حاضر نہ ہو۔ تو اگلے روز سے ہر نماز کے بعد عزیمت کو (۱۴۰) ایک سو چالیس بار اور رات کو بوقت تہجد ۳۰۰۰ تین ہزار بار پڑھیں۔ اور یہ ترتیب 7 دنوں تک جاری رکھیں۔ اسی دوران لازمی سگ حاضر ہو کر اطاعت کا دم بھرے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

تسخیر اجنہ (بلا پرہیز آسان)

تسخیر اجنہ کا یہ عمل روحانی شخصیت یعنی استاذ العاملین فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ کے ذاتی عملیات سے منقول ہے۔ عمل کا طریقہ کار یہ ہے۔ بازار سے ایک نیا جیبی آئینہ لے لیں۔ جس طرح سے اس عمل میں شکل دی گئی ہے۔ ہو بہو یہی شکل آئینہ کے اس طرف وضع کریں۔ جس طرف سے ہم دیکھتے ہیں۔ جب آئینہ تیار ہو گیا۔ اب جس دن اس عمل کو کرنے کا ارادہ ہو۔ اس دن کو گزار کر رات کو (بعد نماز عشاء) اپنے سامنے رکھ کر 400 سو مرتبہ 20 دنوں تک مسلسل یہ عزیمت پڑھیں۔ عزیمت یہ ہے:

اقسمت علیکم یامعشر الجن بحق هذه الاسمآء بدوح کمسف رتخض وبحق هششلهکوش کشکشلیعوش بخلهلشطوش شلطششکوش وبمآء البهاء وبدال الدخان وبواوالولایة وبحآء الحیات احضروا بحق انه من سلیمن وانه بسم الله الرحمن الرحیم۔ ان لاتعلوا علی واتونی مسلمین مسرعین طائعین لله رب العالمین۔

عمل کے بعد آئینہ کو کسی سیاہ کاغذ میں لپیٹ کر رکھ دیں۔ تاکہ آپ کے علاوہ دوسرا کوئی اس آئینہ تک نہ پہنچ سکے۔ اس عمل میں شرائط وغیرہ کچھ نہیں۔ تیسرے دن سے عجائبات کا مشاہدہ شروع ہو جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ روزانہ کے نتائج، مشاہدات اور مکاشفات اپنی ڈائری میں لکھتے رہیں۔ اس عمل کے جنات بلاشبہ کام کرتے ہیں۔ اس عمل کا نقش یہ ہے:

Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazine/urdu

حاضرات کے مجرب اعمال

بابائے حاضرات قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

عمل حاضرات خاص

۱۔ درودِ نور: اللّٰھم صَلِّ علی سیدنا محمد الانوار وسر الاسرار و سید الابرار۔ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ

۲۔ استغفار۔ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ

۳۔ لا الہ الا انت مالك الحق المبین۔ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ

۴۔ نادعلی صغیر۔ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ

۵۔ یالومائیل یاطاطائیل۔ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ

۶۔ یا شیخ عبدالقادر جیلانی افتح الابواب حاضرات الارواح بحق یافتاح یافتاح یافتاح۔ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ

۷۔ درودنور۔ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ

پس اسی ترتیب سے اکتالیس (۴۱) روز ورد کریں۔عمل کیلئے مناسب وقت بعد نمازِ فجر ہے۔آنکھیں بند کر کے، پُرسکون پاک وصاف جگہ پر، اس عمل کو بجالایا جائے۔ان شاء اللہ اپنی آنکھوں سے جو کچھ ہوگا، ملاحظہ فرمائیں۔ سوائے شرعی پرہیز کے کوئی پرہیز نہیں۔

اس عمل سے سٹہ کا نمبر، بانڈز کے نمبر، قاتل، چور کا نام وغیرہ..... ہر قسم کے سوالات معلوم نہیں کیے جاسکتے۔نہ ہی ان کی روحانیت اس قسم کے سوالات کے جوابات دیتی ہے۔باقی امور میں معاون ہوگی۔

حاضرات

عمل: اجب یاجبرائیل، اجب یامیکائیل، اجب یااسرافیل، اجب یاعزرائیل بحق یابدوح یابدوح یابدوح بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔آیت الکرسی (ایک مرتبہ)۔لا الہ کا دربار، الا اللہ کی چوکی۔محمد رسول اللہ کا حکم۔حاضر کرو حاضرات۔سب میرے حکم میں لا۔دوہائی پنج تن پاک المدد یاغوث اعظم دستگیر.....ایک سو ایک (۱۰۱) بار، اکیس (۲۱) یوم تک۔

طریقہ: ماہ رمضان شریف کی ستائیسوں شب کو غسل کر کے پاکیزہ کپڑے پہن کر پاک شیرینی پر فاتحہ دیں۔اول ۳ بار درود شریف، چاروں قل، الحمد شریف، الم تا المفلحون تک۔۳ بار درود شریف۔اس کا ثواب رسول کریم ﷺ کی روح مبارک کو بخشیں۔اور پھر سلطان اولیاء سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ کی روح فتوح کو ثواب پہنچائیں۔عمل مندرجہ بالا ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھیں۔ختم صرف پہلے روز ہوگا۔اکیس (۲۱) دن میں زکات مکمل ہوجائے گی۔اب آپ عامل ہیں۔کسی شیشہ میں دیکھیں یا بچے پر پڑھیں، فوراً جوابات ملیں گے۔زبردست حاضرات ہے۔

تجربات: میں نے تین دفعہ عمل کیا تھا۔دوسرے کاموں میں بڑا معاون ثابت ہوتا ہے۔میرے ایک دوست حکیم نے کیا تھا۔اس کا کہنا تھا کہ تکلیف کی شدت سے چیختا ہوا مریض مطب پر جب آتا ہے تو ایک دفعہ پڑھ کر عمل دم کرتا ہوں۔دم کرتے ہی ایسے ساکت ہوجاتا ہے جیسے ہپناٹائز کر دیا گیا ہے اور تکلیف کا احساس تک ختم ہوجاتا ہے۔

حصار اسماء الحسنیٰ

ایک ایسا حصار جو ہر قسم کے ضرر و شر (جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظرِ بد، حادثات، بلیات، آفات، دشمن، ساحر وغیرہ) سے حفاظت کے لیے بہت مجرب ہے۔خصوصی طور پر خواتین کے لیے کیونکہ وہ اس حصار کا عمل خاص دنوں میں بھی کر سکتی ہیں۔عوام کے لیے بغیر فیس اعمال میں ایک انمول اضافہ۔

* عامل اپنا اور اپنی جگہ کا حصار کر سکتا ہے۔
* عامل اپنے اہل و عیال کا اور ان کی جگہ کا، چاہے وہ قریب ہو یا دور ہو، حصار کر سکتا ہے۔
* عامل مریض اور اس کی جگہ کا دور بیٹھے ہوئے بھی حصار کر سکتا ہے۔
* عامل مریض کو پڑھنے کو دے سکتا ہے تاکہ وہ اپنا اور اپنی جگہ کا مضبوط حصار کر سکے۔

0320-7772775, 042-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل حشتیہ
ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 | ruhanidarsgah97

Whatsapp +92-322-4773786

ہر مرض سے شفاء کے روحانی اعمال

مرتب: محمد علیم (رکن روحانی علاج گاہ)

نامراد مرض سے نجات

غلام الرسول میمن عائلی مرحوم تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی ایسا نامراد مرض ہو جو چھوڑتا ہی نہیں ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیات لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اور ایک وفق کو لکھ کر اسے پاک پانی سے دھو کے پیے اور انہی آیات کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ تمام تکالیف کو دور فرمائے گا۔

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۝ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ۝ (ص:۴۲-۴۱)

۳۹۴۸	۲۱۹۹۶۶	۸۶	۳۰۶۹	۷۳۵
۸۹	۳۰۶۷	۷۳۳	۳۹۵۱	۲۱۹۹۶۴
۷۳۶	۳۹۴۹	۲۱۹۹۶۷	۸۷	۳۰۶۵
۲۱۹۹۶۵	۸۵	۳۰۶۸	۷۳۴	۳۹۵۲
۳۰۶۶	۷۳۷	۳۹۵۰	۲۱۹۹۶۳	۸۸

لاعلاج بیماریوں، مسان، سوکڑے کا علاج

استاذ العاملین حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ فرماتے ہیں کہ مسان، معذور، آنکھوں کے درد کے لیے اور ہر لا علاج مرض کے لیے سورۂ فاتحہ اکسیر ہے۔

اس کے پڑھنے کے کئی طریقے ہیں۔ صبح کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس (۴۱) بار، بسم اللہ کی میم کو الحمد کے ساتھ ملا کر پڑھنا ہے۔ چاہے پانی پر دم کرو یا ویسے دم کرو۔ اور مسان کے لیے سوا پاؤ کچی گھانی کے تیل پر دم کریں اور چالیس روز تک وقت مقررہ پر مالش کریں۔ اور سوکڑہ والے کے لیے بھی یہ تیل مالش کریں۔

شفائے امراض

سورۂ فاتحہ: ہر قسم کے خطرناک امراض سے نجات پانے کے لیے اس سورۂ مبارک کو چالیس (۴۰) دفعہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ صحت یابی ہوگی۔

جسمانی امراض اور مرگی زدہ کے لئے

المص۔ طٰہٰ۔ کٓہٰیٰعٓصٓ۔ یٰسٓ والقرآنِ الحکیم

حٰمٓ۔ عسق۔ ن والقلم وما یسطرون

۴	۳۷	۸	۳۰	۱۷	۵۱	۱۹	۳۹
۲۱	۱۴	۲۷	۵۲	۱۱	۲۵	۳۳	۴۴
۶	۴۵	۱۹	۳	۲۳	۴۱	۴۷	۲
۱۰	۳۶	۱۲	۴۸	۳۴	۴۹	۳۱	۲۵
۴	۲۴	۴۲	۳۸	۷	۱۸	۴۶	۱۰
۲۴	۵	۳۵	۹	۶۶	۳	۴۸	۱۶
۳۲	۱	۴۹	۲۲	۲۹	۴۲	۵	۱۰

چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر تین تین دفعہ پلائی جائے۔

یہ نقش جسمانی امراض اور مرگی کے لئے ہے۔ زعفران سے لکھا جائے اور عرق گلاب میں ڈال کر قبل زوال پلانا چاہئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

ہر مرض، موذی اور جان لیوا امراض سے شفاء

درود تاج کو گیارہ (۱۱) مرتبہ گیارہ (۱۱) دن تک روزانہ پانی پر دم کریں۔ مریض پورا دن یہی پانی استعمال کرے۔ اگر مریض خود نہ پڑھ سکتا ہو تو گھر والوں میں سے کوئی فرد پڑھ کر پانی دم کر دے۔ ان شاء اللہ، حیرت انگیز طور پر شفاء ہوگی۔

Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazines/rohaniyat

سوکنوں کا جھگڑا اور دوسری شادی

سید عبدالوھاب شیرازی صاحب

سعودی عرب کے ایک مشہور عالم محمد الامین الشنقیطی فرماتے ہیں:

بعض ملحد اور دشمنان دین کا دعویٰ ہے کہ ایک سے زائد بیویاں رکھنے کے نتیجے میں بیویوں میں کچھ جھگڑا فساد ہوتا ہے، اس سے زندگی کی رونق (اور مزا) کرکرا ہوجاتا ہے کیونکہ مرد جب کسی ایک زوجہ کو خوش کرنے کی کوشش کرتا ہے تو دوسری ناراض ہوجاتی ہے، دوسری کو خوش کرنا چاہتا ہے تو پہلی ناراض ہوجاتی ہے، یوں وہ ہمیشہ دو ناراضیوں میں سے ایک کا بہرحال شکار رہتا ہے اور خود کو ایسی پریشانی میں مبتلا کرنا حکمت اور مصلحت کا کام نہیں۔۔۔۔ جو لوگ اس بنیاد پر تعدد زوجات کی مخالفت کرتے ہیں، ان کا کلام ایسا ساقط اور کمزور ہے کہ جس کا لغو اور بے کار ہونا کسی عقلمند پر مخفی نہیں، کیونکہ ایک گھر میں آپس میں نوک جھوک اور جھگڑے ایک ایسا کام ہے جس سے فرار کا کوئی راستہ ہی نہیں، بعض مرتبہ مرد کے اپنی اکلوتی بیوی سے اختلافات اور لڑائی جھگڑے شروع ہوجاتے ہیں، الغرض گھر کے مختلف افراد کی آپس میں نوک جھوک اور جھگڑے کو معاشرے میں ایک معمول کی بات سمجھا جاتا ہے اور ان اختلافات کو بہت زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی، چنانچہ ایک سے زائد بیویاں رکھنے میں جو کچھ فسادات واختلاف ہوتے ہیں، ان فسادات واختلافات کی ان مصلحتوں کے مقابلے میں کچھ حیثیت نہیں جو مصلحتیں اس سنت پر عمل پیرا ہونے کے نتیجے میں حاصل ہوتی ہیں۔

مثلاً متعدد عورتوں کی کفالت اور ان کو عفت و پاکدامنی کی زندگی میسر ہونا، قوم کی تمام عورتوں میں سے ہر ایک عورت کے لئے ایک اچھے مرد سے نکاح کا حصول باآسانی ممکن ہوجاتا ہے، بچوں کی شرح پیدائش میں اضافہ تاکہ امت اپنی کثرت کے باعث (مختلف شعبوں میں) دشمنان اسلام کے سامنے ٹھہر سکے، الغرض (یہ اور اس جیسی اور) بڑی بڑی مصلحتوں اور فوائد کے مقابلے میں سوکنوں کے آپس کے جھگڑوں جیسے فسادات کچھ معنی نہیں رکھتے۔ لہٰذا ہم یہ فرض بھی کرلیں کہ سوکنوں کے جھگڑے فساد کا سبب ہیں یا دوسری شادی کے نتیجے میں پہلی بیوی کو جو کچھ تکلیف ہوتی ہے تو بیوی کو ایسی تکلیف پہنچانا بھی فساد کا سبب ہے تو شریعت کی نظر میں ترجیح اس بات کو ہے کہ بڑی بڑی مصلحتوں کی خاطر ان چھوٹے فسادات کو برداشت کیا جائے۔

مثلاً انگور سے شراب نچوڑی جاتی ہے جو تمام برائیوں کی جڑ ہے مگر انگور سے جو بڑے بڑے فوائد حاصل ہوتے ہیں ان کے پیش نظر انگور کے وجود کو برقرار رکھنا ہی مناسب سمجھا جاتا ہے اور شراب کے نقصانات کو دیکھ کر انگور کے وجود ہی کو ختم کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔

پس قرآن نے مرد کے لئے ایک سے زیادہ بیویاں رکھنے کو حلال قرار دیا، عورتوں کی مصلحت کی خاطر تاکہ کوئی مرد ایک بیوی پر اکتفا کرکے نکاح سے وابستہ بہت سی مصلحتوں سے محروم نہ رہ سکے۔ اور اجتماعی سطح پر امت کی مصلحت کی خاطر تاکہ شرح پیدائش میں اضافہ کے باعث امت کی تعداد میں اضافہ ہو اور امت کے لئے (بذریعہ جہاد) اللہ کے کلمہ کو پوری دنیا میں بلند کرنا ممکن ہو۔

پس تعدد زوجات ایک ایسے باخبر کی طرف سے نازل کردہ حکم ہے جو حکمت والا ہے، اس حکم پر اعتراض وہی کرسکتا ہے جس کی بصیرت کو اللہ نے کفر کی گمراہیوں سے اندھا کردیا ہو اور بیویوں کی تعداد کو چار کے عدد میں منحصر کردینا بھی ایک حکمت والے اور باخبر کی طرف سے مقرر کردہ حد ہے، کیونکہ اس سے کم بیویاں رکھنے میں مرد نکاح سے وابستہ بعض فوائد سے محروم ہوسکتا ہے اور اس سے زائد بیویاں رکھنے میں اس کا زیادہ امکان ہے کہ عدل اور بیویوں کے حقوق ادا نہ ہوسکیں گے۔

محمد الامین الشنقیطی (فقہ تعدد الزوجات بحوالہ اضواالبیان ج ۳ صفحہ ۳۷۷)

روحانی درسگاہ کے طالب علم متوجہ ہوں

تمام شاگردوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جنہوں نے ابھی تک خزینۂ روحانیات کی ممبرشپ نہیں کروائی یا ممبرشپ ختم ہونے پر تجدید نہیں کروائی..... وہ جلد از جلد اپنی ممبرشپ کی تجدید کروائیں۔ ممبرشپ کی تجدید نہ کروانے کی صورت میں یہ سمجھا جائے گا کہ آپ ادارہ چھوڑ چکے ہیں اور شاگردوں کو ملنے والی ہر قسم کی رعایت کے لیے ادارہ معذرت خواہ ہوگا۔ 0333-7772775

ملازمت کے مسائل کا روحانی حل

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

اکیس سے چالیس یوم میں نوکری مل جائے

اول وآخر ایک سو(۱۰۰) مرتبہ درود شریف۔ درمیان میں پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ (ال عمران:۱۷۳) روزانہ پڑھنا ہے۔ حتیٰ کہ مقصد حل ہو جائے۔ اس ختم کا ثواب بروح پرفتوح حضرت غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو بخش کر اپنی حاجت کے لئے بواسطہ حضرت رحمہ اللہ، بارگاہِ الٰہی میں عرض کریں۔ ان شاء اللہ نوکری مل جائے گی۔ کم از کم مدت اکیس یوم اور زیادہ سے زیادہ چالیس یوم۔

ملازمت میں ترقی کیلئے

ملازمت میں ترقی کیلئے ترقی ہونے تک روزانہ اس اسم ''المقدم'' کو ایک سو چوراسی (۱۸۴) مرتبہ پڑھیں۔

کام سے نکال دیا ہو تو دوبارہ رکھنے کے لیے

کوئی وقت مقرر کر کے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور گیارہ سو(۱۱۰۰) مرتبہ ''یَالَطِیْفُ'' مالک/باس کا کامل تصور کر کے پڑھیں اور تصور ہی میں دم کر دیں۔ گیارہ دن بعد بارہویں دن جا کر ملیں۔ ان شاء اللہ کام ہو جائے گا۔

ملازمت ملنے کا خاص عمل

علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر بے روزگاری نے جینا دوبھر کر دیا ہو، کوئی ملازمت نہ مل رہی ہو تو تین دن متواتر درودِ تاج فجر سے مغرب تک کی ہر نماز کے بعد سات بار اور عشاء کی نماز کے بعد ایک سو(۱۰۰) بار پڑھیں۔ تینوں دن روزگار کی تلاش میں بھی نکلیں اور جہاں ملازمت کا امکان نظر آتا ہو، وہاں اپنی کوشش جاری رکھیں۔ اگر تین دن میں کام نہ ملے تو چوتھے دن فجر کی نماز کے بعد سے درود تاج پڑھنا شروع کریں اور اس وقت تک پڑھنا جاری رکھیں، جب تک کوئی آدمی آ کر آپ کو ملازمت ملنے کی خوشخبری نہ سنا دے۔

برائے ملنے ملازمت و دور ہونے بے کاری

اگر کوئی شخص بے کار ہو اور اسے ملازمت نہ ملتی ہو تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اپنے نام کے اعداد کے برابر اس آیت کا ورد کیا کرے۔

اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ﴿۱۹﴾

(الشوریٰ:۱۹)

یہ نقش مکرم اسی آیت مبارکہ کا ہے اور نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۲۱	۳۲۴	۳۲۸	۳۱۴
۳۲۷	۳۱۵	۳۲۰	۳۲۵
۳۱۶	۳۳۰	۳۲۳	۳۱۹
۳۲۳	۳۱۸	۳۱۷	۳۲۹

تبادلہ کی منسوخی کے لئے

ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہو گیا ہو اور اس کو رکوانا مقصود ہو تو اس کے لئے عشاء کی نماز کے بعد انیس (۱۹) روز تک انیس (۱۹) مرتبہ سورۂ لہب پڑھ کر دعا کریں۔

تبادلہ کرانے کے لئے

اگر ایک شہر سے دوسرے شہر یا ایک شعبہ سے دوسرے شعبہ میں تبادلہ کرانا مقصود ہو تو عشاء کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ آیت الکرسی عظیم تک پڑھ کر چالیس (۴۰) روز دعا کریں۔ کسی مجبوری سے ناغہ ہو جائے تو دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لئے جائیں۔

Whatsapp +92-322-4773786 www.dailyamal.org/magazines/ruhaniyat

رشتہ ہونے کے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

"یَالَطِیْفُ" کا عمل برائے جلد رشتہ ہو

نمازِ عشاء کے بعد اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف اور درمیان میں گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ "یَالَطِیْفُ" پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں۔ کسی اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا، ان شاء اللہ۔

غیب سے رشتہ ہونے کے اسباب پیدا ہوں

اسم "یَا عَلِیُّ" کو روزانہ بعد نمازِ مغرب، تنہائی میں بیٹھ کر دو ہزار نو سو ستر (۲۹۷۰) مرتبہ پڑھیں اور یہ عمل چالیس (۴۰) دن کریں۔ ان شاء اللہ، اس عمل کی برکت سے اللہ غیب سے رشتے کے اسباب بنا دے گا۔

شادی کے لئے عمل

طاہر عباس صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی کسی جگہ شادی کا خواہش مند ہو اور مطلوبہ جگہ رشتہ نہیں ہوتا یا بالکل شادی ہی نہیں ہوتی یا کسی نے بندش کرادی ہو۔ یا نصیب ہی سویا ہوا ہو تو آپ اس وظیفہ کو پڑھیں۔ چند دن میں اس کا اثر آپ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔

وظیفہ یہ ہے کہ بارہ (۱۲) دن تک بارہ سو (۱۲۰۰) سو مرتبہ یہ پڑھیں:

"یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ یَارَبِّ اِسْرَافِیْل"

اس وظیفہ کا مزا یہ ہے کہ پڑھتے وقت عجب سکون ہوتا ہے۔

مناسب رشتے کا پیغام موصول ہو

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ جن لڑکیوں کی شادیاں رک جاتی ہیں اور لڑکیاں ماں باپ کے لیے پریشانی کا سبب بنتی ہیں، ایسی لڑکیاں روزانہ بعد نمازِ عصر "اَلْفَتَّاحُ" ایک سو چھپن (۱۵۶) مرتبہ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد مناسب پیغام موصول ہوگا۔ یہ عمل لڑکی کے والدین بھی کر سکتے ہیں اور اس کے بہن بھائی بھی کر سکتے ہیں۔

شادی کا وظیفہ

سید عطاء المصطفٰے راشدی صاحب فرماتے ہیں کہ آج گھر گھر والدین پریشان ہیں کہ بچیوں کے سر میں چاندنی آ گئی لیکن ڈھنگ کا رشتہ نہ آیا۔ نیک رشتے کے خواہش مند خود چھٹا کلمہ بعد نماز عشاء چھتیس (۳۶) مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب محبوب سبحانی غوث اعظم جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو بخش کر ان کے وسیلے سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ العزیز جلد نیک رشتہ مل جائے گا۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

چھٹا کلمہ ردِّ کفر: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِہٖ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ وَالْکِذْبِ وَالْغِیْبَۃِ وَالْبِدْعَۃِ وَالنَّمِیْمَۃِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُھْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ۔

نیک مرد سے رشتہ ہو

اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ لڑکی کا رشتہ کسی نیک مرد سے ہو جائے تو سورۂ طٰہٰ کو باوضو کسی ریشمی کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکی کے گلے میں ڈال دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رشتہ اور شادی کسی نیک مرد سے ہو جائے گی اور اولاد نیک پیدا ہوگی۔

لڑکیوں کی شادی کے لیے

سورۂ سجدہ کو لڑکیوں کا نصیبہ کھولنے کے لیے کہ اچھی جگہ رشتہ ہو جائے، اکیس (۲۱) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، بہت اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

اولاد کے رشتہ کے لیے مجرب عمل

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ (النمل: ۶۲)

اگر آپ کی اولاد کا رشتہ نہیں ملتا تو اٹھتے بیٹھتے اس آیت کا ورد رکھیں۔

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟ goo.gl/CP1nJK

عملیات چاند گرہن

آسٹرو فیلر محمد شہزاد (بورے والا)

دم سورہ ناس برائے جادو ٹونہ آسیب اور دیگر امراض

یہ ایک بڑا بہترین عمل ہے۔ یہ ہر قسم کے درد، سر درد، دانت درد، سینہ درد، کمر درد، بخار، پٹھوں کا درد، جنات، پری، بھوت اور دیگر آسیب کے اثرات، کسی زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج جیسے سانپ بچھو، بھڑ کے کاٹے کا علاج ہے۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے سحر جادو کیلئے کام دے گا۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے بسم اللہ پڑھیں۔ پھر اول آخر تین (۳) بار درود اور تین (۳) بار عمل پڑھ کر مطلوبہ جگہ پر دم کریں۔ ایسا تین (۳) بار کریں۔ آسیب اور جنات کے اثر کیلئے اس کو تعویذ کی شکل میں لکھ کر گلے میں ڈالیں اور پانی پر دم کر کے سات دن پلائیں۔ اس طرح اس کو کسی بھی درد والے یا موذی جانور کے کاٹے والے کو دم کیا جائے۔ سحر زدہ کو بھی گلے میں تعویذ بنا کر ڈالیں اور دم کریں۔ وہ عمل یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل اعوذ برب الناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

ملک الناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

الہ الناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

من شر الوسواس الخناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

الذی یوسوس فی صدور الناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

من الجنتہ والناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

اس عمل کی زکات آپ گرہن کے دوران ادا کر سکتے ہیں۔ اس عمل کو دوران گرھن ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ لیں گے تو اس کی زکات ادا ہو جائے گی۔ بعد میں اس کی مدامت کیلئے اس کو روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ لیا کریں، عمل آپ کے قابو میں رہے گا، ان شاء اللہ۔

عمل حفاظت مکان و دوکان گرھن

گرھن کی تاثیر بہت تیز ہوتی ہے۔ حاملہ عورتوں اور جانورں کے متعلق اس وقت خاص احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ عورتوں کو اس وقت چت لیٹے رہنا چاہیے اور جانوروں کو کھڑے رہنا چاہیے۔ ناقص الاعضاء بچے گرھن کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ مثلاً ایک عورت کا سر گرھن میں درد کر رہا تھا۔ اس نے اپنے سر پر رومال باندھ لیا۔ جب بچہ پیدا ہوا، اس کی پیشانی پر رومال باندھنے کا نشان تھا۔ حفاظتِ دوکان و مکان کیلئے ایک (۱) سِکّے کے پترے پر لکھ کر قبلہ رخ گھر یا دوکان کی الماری یا صندوق میں رکھ دے تو وہ گھر، دکان آتشزدگی اور چوری سے محفوظ رہے گا۔ وہ الفاظ یہ ہیں:

اذوزہ یاحراکیل

نقش زبان بندی اور حفاظت جادو و سحر و دشمن

آج آپ کو اس کی نحوست سے بچنے اور جادو ٹونہ سے حفاظت زبان بندی مخالفین کا نقش پیش کر رہا ہوں۔ اس کو عین گرھن کے وقت صدقہ دے کر دو نفل نماز گرھن ادا کر کے بخور عنبر عود کا جلا کر تیار کیا جائے۔ اس کے بہت فوائد ہیں۔ اس سے جادو ٹونہ، نظر بد سے حفاظت ہوگی۔ حاسدین کے حسد سے محفوظ رہیں گے۔ کسی کی زبان آپ کے خلاف نہ چلے گی۔ نحوستوں سے نجات ملے گی۔ مقدمات اور مقابلوں میں آپ کو فتح ملے گی۔ دشمن مغلوب ہوں گے۔ وہ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

عقدت للسان کل متکلم من البشر من انثی و ذکر من بنی آدم و بنات حوا من حامل ھذا الاسماء فھم لا یتکلمون بحق قول اللہ صم بکم عمی فھم لا ینطقون

Darul Amal Cinema, Lahore
ماہنامہ
www.darulamal.org/magazine/ruhani
Whatsapp +92-322-4773786

عملیات چاند گرہن

حسن (کراچی)

عمل برائے تباہی و بربادی دشمن

اگر آپ کا کوئی دشمن ہے اور آپ کو خواہ مخواہ تنگ کر رہا ہے، آپ اس کی ریشہ دوانیوں سے تنگ آ چکے ہیں تو ایسی صورت میں اس عمل سے کام لیں۔

نام دشمن معہ والدہ بسط کر لیں۔

حروف آتشی دوسری سطر میں تحریر کر لیں۔

دونوں سطور کو امتزاج دیں۔ جس سطر میں حروف کم ہوں، اسے ازسرِ نو شمار کر لیں۔

گھوڑے کی پرانی نعل پہلے سے حاصل کر کے رکھیں۔

روشنائی بھی درج شدہ اشیاء سے تیار کردہ موجود ہو۔

توتیا کو باریک پیس کر سفوف بنا لیں اور سرکہ میں ملا کر روشنائی تیار کر لیں۔

کسی موٹے قلم سے نعل پر امتزاج شدہ حروف کو تحریر کر دیں۔ حروف نظر آئیں یا نہ آئیں، اس سے کوئی غرض نہیں۔

نعل پر حروف عین گرھن کے اوقات میں لکھنے ہیں۔

اس نعل کو کسی ایسی جگہ زمین میں گاڑ دیں، جہاں سورج براہ راست اس مقام پر پڑتا ہو اور نعل کو تپش پڑتی رہے۔ وہ ممالک جہاں موسم سرد رہتا ہے، وہ اپنی دانست کے مطابق نعل کو ایسی جگہ رکھیں کہ گرمی ملتی رہے جیسے روم ہیٹر کے قریب یا گیزر وغیرہ کے قریب۔ چند ہی دنوں میں آپ کا دشمن اپنی پریشانیوں میں گرفتار ہو جائے گا۔

یاد رکھیں کہ عمل کا ناجائز استعمال آپ کو رجعت کا شکار کر دے گا۔ لہٰذا خوب سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں۔

بعض حضرات کا خیال ہے کہ کوئی بھی عمل ہو، خواہ خیر کا یا شر کا قرآن سے استخارہ کر لیا جائے، آیت خیر کی ہو تو اس کام کو انجام دیا جائے بصورت دیگر نہ دیا جائے۔ استخارہ کے موضوع پر تو کبھی سیر حاصل بحث کروں گا فی الحال صرف اتنا عرض کر دوں کہ وہ مقامات جہاں حلال و حرام کی بحث ہو، وہاں استخارہ نہیں کیا جاتا مثلاً کوئی یہ کہے کہ جوا کھیلنے سے قبل استخارہ کر لیتا ہوں، آیت خیر آئی تو کھیل لوں گا، ایسے حضرات صرف اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں۔

طلسم برائے زبان بندی

اگر کسی کی بدزبانی یا حاکم یا جج کا وہ فیصلہ جو اس نے آپ کے خلاف دینا ہے، کو روکنا منظور ہو یا کسی کی مخالفت سے آپ کو نقصان پہنچ رہا ہو تو ایسی صورت میں درج ذیل طلسم کو بتائے گئے طریق پر گرھن کے عین اوقات میں سیسہ کی تختی پر کندہ کر لیں۔

طلسم تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مخالف کا نام معہ والدہ یا القاب جس سے تخصیص ہو سکے، بسط حرفی کر کے لکھ لیں۔

حروف صوامت سے امتزاج دیں (اح درس ص ط ع ک ل م وھ)۔

اس امتزاج شدہ سطر کو شمار کریں۔ تعداد حروف جفت ہو تو چار، طاق ہو تو تین تین کے کلمات بنا لیں۔ ان کلمات کے آخر میں ''یا حراکیل'' لکھ دیں۔

طلسم تیار ہے۔ کسی وزنی شے کے نیچے دبا دیں یا مخالف کے گھر سے قریب کہیں دفنا دیں۔ مخالف کی زبان آپ کے حق میں بند ہو جائے گی۔

میں ذاتی طور پر ایسے تین طلسم تیار کرتا ہوں۔ ایک سیسہ پر جبکہ دو کاغذ پر۔ آپ بھی اپنی دانست کے مطابق تین طلسم بنا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ کی طرف سے اہم اعلان

- داخلہ فیس کسی بھی صورت میں واپس نہیں ہوگی۔
- عمل یا کورس کا جو بھی ھدیہ لیا جائے گا، عمل ملنے کے بعد ناقابل واپسی ہوگا۔
- عمل ملنے کے بعد اس عمل کو کسی دوسرے عمل سے تبدیل نہیں کیا جائے گا، نا ہی رقم دار العمل کے کسی دوسرے شعبے میں منتقل ہوگی۔
- عمل لینے سے پہلے روحانی درسگاہ کے ناظمین سے مشورہ کر لیں۔ (انتظامیہ)

سرد مہر روح

صفدر شاہین قسط ۳

ایک زمیندار کی ہوس کا نشانہ بننے والی لڑکی کی کہانی جس نے بھیانک انتقام لیا تھا۔

سفر کے دوران رات کو بس کے خراب ہونے پر اُس کے پاس گھومنے پھرنے کے لئے خاصا ٹائم تھا لیکن بجائے تفریح کے وہ تو بدروحوں کے ہتھے چڑھ گیا جو اُس کا خون پینا چاہتی تھیں۔

فتح پور کے کوچ روانہ ہوئی تو میں حساب لگانے لگا کہ کوٹ ادو پہنچنے تک رات کے دو بج جائیں گے۔ اس وقت آٹھ بج رہے تھے اور میں یہاں غلہ منڈی سے رقم کی وصولی کے لئے آیا تھا۔ میرے والد کا کوٹ ادو کی غلہ منڈی میں کام تھا۔ فتح پور کے آڑھتی کو گذشتہ ماہ ہم نے گندم کی سو بوری دی تھی اور اس نے ایک مہینہ بعد رقم ادا کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ لیکن ایک مہینے سے پانچ دن اوپر ہو گئے اور اس نے گندم کی رقم نہ بھیجی تو والد صاحب نے مجھے رقم کی وصولی کے لئے فتح پور بھیج دیا۔ میں گذشتہ روز اس کی دکان پر پہنچا تو دکان بند تھی۔ پتا چلا کہ گذشتہ رات اس کا انتقال ہو گیا تھا اور آج اسے دفنا دیا جائے گا۔

مجھے آڑھتی کے مرنے کا افسوس ہوا۔ میں اس کے گھر پہنچا۔ لواحقین سے تعزیت اور میت کے ساتھ قبرستان جانا میرا فرض تھا۔ قبرستان سے واپسی پر رات ہو گئی۔ آج دوپہر اس کے سوئم سے فارغ ہو کر میں نے اس کے بڑے بیٹے سے رقم کے سلسلے میں بات کی کیونکہ گندم کی رقم بیس ہزار روپے تھے اور جس کسان سے ہم نے خریدی تھی، اسے رقم ادا کرنا تھی۔ اس لئے مرنے والے کو معاف نہیں کی جا سکتی تھی۔ مرحوم کے بیٹے نے ایک ہفتہ کی مہلت مانگی اور اصرار کیا کہ میں رات کا کھانا کھا کر جاؤں۔ پھر وہ مجھے شام کو بس اسٹینڈ پر چھوڑ گیا تھا۔

کوچ میں میرے برابر کی سیٹ خالی تھی اور کوچ نے براستہ چوک اعظم، چوک منڈا، کوٹ ادو جانا تھا۔ چوک منڈا کوچ پہنچی تو ایک بج چکا تھا۔ میرا اندازہ درست ثابت ہو رہا تھا۔ ایک گھنٹے کا سفر رہ گیا تھا۔ چوک منڈا سے کوچ روانہ ہوئی تو مجھے نیند آنے لگی لیکن چند میل طے کرنے کے بعد اچانک کوچ کا اگلا ٹائر پھٹ گیا۔ ہوشیار ڈرائیور نے پھرتی سے کوچ کو کنٹرول کرتے ہوئے بریک لگائی اور کوچ لنگڑاتی ہوئی سڑک کے کنارے رک گئی۔ تمام مسافر پریشان ہو گئے۔

کنڈکٹر نے مسافروں کو تسلی دی کہ ابھی ٹائر تبدیل کر کے چل پڑیں گے۔ پھر وہ ڈرائیور کے ساتھ ٹائر تبدیل کرنے لگا۔ سردیوں کا موسم تھا۔ کئی مسافر رفع حاجت کے لئے کوچ سے اتر گئے۔ میں بھی کوچ سے اترا۔ کنڈیکٹر نے کوچ کی چھت سے فاضل ٹائر اتارا تو میں پیشاب کرنے کے لئے سڑک سے چند قدم کے فاصلے پر واقع جھاڑیوں کی طرف بڑھ گیا جن کے پارے گنجان درخت کسی باغ کا پتہ دے رہے تھے۔ اسی لمحے ڈرائیور کی آواز سن کر میں پلٹ آیا۔

''ارے..... یہ تو پہلے سے پنکچر ہے'' ڈرائیور کنڈیکٹر پر بگڑ رہا تھا۔

''کیا تم نے پنکچر نہیں لگوایا تھا؟''

''یاد نہیں رہا تھا استاد.....'' کنڈیکٹر نے پریشان ہو کر کہا۔

''استاد کے بچے..... اب گاڑی رات بھر یہاں کھڑی رہے گی۔''

''استاد..... ابھی پیچھے سے ہماری کمپنی کی دوسری گاڑی آئے گی۔ اس سے فالتو ٹائر لے لیں گے۔'' کنڈیکٹر بولا۔

پھر ڈرائیور نے مسافروں سے کہا کہ آپ لوگ اطمینان سے اندر بیٹھیں۔ ہماری ایک گاڑی آنے والی ہے۔ اس سے ٹائر لے کر تبدیل کریں گے۔''

''اور اگر اس کے پاس فاضل ٹائر نہ ہو تو پھر.....'' میں نے غصے سے کہا۔

''آپ فکر نہ کریں جناب..... رات بھر گاڑیاں چلتی ہیں۔ کسی نہ کسی سے لے ہی لیں گے۔ ایک آدھ گھنٹہ صبر کر لیں۔''

میں نے منہ بنایا اور دوبارہ جھاڑیوں کی طرف چل پڑا۔ آسمان پر

روحانی درسگاہ میں سکھائے جانے والے کورسز goo.gl/a9oJee

تیرھویں کا چاند چمک رہا تھا۔ میں جھاڑیوں کے پاس پیشاب کر کے اٹھا تو میری نگاہیں جھاڑیوں کی دوسری جانب باغ کی طرف اٹھ گئیں۔ وہاں ایک آدمی کھڑا تھا۔ اس نے بھی میری طرف دیکھا اور ہاتھ لہرایا۔

''آؤ باؤ جی..... مالٹے کنوں کھالو.....'' اس کی آواز سنائی دی۔

میں نے سوچا کہ نہ جانے کب تک سڑک پر ٹھہرنا پڑے۔ کچھ مالٹے خرید لوں تو وقت اچھا پاس ہو جائے گا۔ چنانچہ میں باغ کی طرف بڑھ گیا۔ وہ شخص دیہاتی معلوم ہوتا تھا۔ قریب پہنچ کر میں نے اس کا جائزہ لیا۔ وہ ایک بوڑھا اور ناتواں شخص تھا۔

''باؤ جی..... کیا لاری خراب ہوگئی ہے؟'' اس نے پوچھا۔

''ہاں ٹائر پھٹ گیا ہے۔ کیا یہ باغ تمہارا ہے؟'' میں نے سوال کیا۔

''ہے تو زمیندار صاحب کا جی..... میں اس کا مالی ہوں۔ رات کو لوگ چوری مالٹے کنوں توڑ کر لے جاتے ہیں، اس لئے مجھے رات کو پہرہ دینا پڑتا ہے۔

''اچھا..... مجھے ایک درجن مالٹے دو اور پیسے بتاؤ۔'' میں نے جیب سے پیسے نکالتے ہوئے کہا۔

''پیسے رہنے دیں باؤ جی۔ آپ مسافر ہیں۔ آپ سے پیسے لے کر میں امیر نہیں ہو جاؤں گا۔'' بوڑھے مالی نے ہنس کر کہا۔

''میرے ساتھ آئیں۔''

میں اس کے خلوص سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہا۔ وہ پلٹ کر باغ میں داخل ہو گیا۔ میں بھی اس کے پیچھے قدم اٹھانے لگا۔

باغ کافی رقبہ پر محیط تھا۔ اس کے گرد قد آدم کی چار دیواری بنائی گئی تھی۔ باغ میں ہر قسم کے پھل دار درخت تھے مگر موسم کے مطابق صرف مالٹے کنوں کے پودوں پر پھل نظر آ رہے تھے۔ گھنے درختوں کے سبب باغ میں قدرے تاریکی تھی۔ بوڑھا مالی میرے آگے چل رہا تھا۔ بیس پچیس قدم چلنے کے بعد وہ رک گیا اور میں نے بھی قدم روک لئے۔

''باؤ جی..... یہاں سے جتنے دل چاہے پھل توڑ لیں۔'' وہ ایک پودے کی طرف اشارہ کرتا ہوا بولا۔

''تم خود ہی توڑ دو تو مہربانی ہوگی۔'' میں نے جواباً کہا۔

''نہیں..... آپ بے فکر ہو کر توڑیں۔ میں ذرا آگے کا چکر لگا کر آتا ہوں۔'' اس نے کہا۔

پھر وہ آگے بڑھا اور چلا گیا۔ میں نے پودے سے چند مالٹے توڑے اور جیبوں میں ٹھونس لئے۔ مجھے یوں لگا جیسے چند آدمی باتیں کر رہے ہوں۔ میں نے اس سمت دیکھا مگر کوئی نظر نہ آیا۔ مجھے حیرت کا جھٹکا لگا۔

''مالٹے چوری کر رہا ہے۔ کمبخت.....'' دفعتاً ایک آواز واضح سنائی دی۔

''بچ کر نہ جا سکے گا.....'' دوسری آواز سنائی دی۔

اور میں گھبرا گیا۔ مجھے بولنے والے نظر نہیں آ رہے تھے حالانکہ ان کی آوازیں صرف چند فٹ کے فاصلے سے ابھر رہی تھیں۔

''مالی بابا..... مالی بابا.....!'' میں نے خوفزدہ ہو کر مالی کو آواز دی۔

میں فوراً اسی طرف چل دیا جس طرف مالی بابا گیا تھا، تب وہ آوازیں بند ہو گئیں۔ میں نیم تاریکی میں آگے بڑھتا رہا لیکن مالی تک نہ پہنچا۔ پندرہ بیس قدم چلنے کے بعد رک گیا۔

''مالی بابا..... کہاں ہو؟'' میں نے اسے آواز دی۔

لیکن اس کی طرف سے کوئی جواب نہ ملا۔ میں نے پریشان ہو کر اسے پھر پکارا۔ اسی لمحے مجھے پیچھے سے دوڑتے قدموں کی آہٹیں سنائی دیں۔ یوں لگتا تھا جیسے کئی افراد دوڑتے ہوئے میری طرف آ رہے ہوں۔ میں بوکھلا گیا۔

''پکڑ لو اس چور کے بچے کو اور مار مار کر ٹانگیں توڑ ڈالو.....'' ایک غضبناک آواز سنائی دی۔

اور میں خوفزدہ ہو کر دوڑ پڑا۔ ساتھ ہی میں نے مالی کو پکارا ''مالی بابا..... مالی بابا۔''

اس کی طرف سے کوئی جواب نہ ملا۔ نامعلوم افراد کے امڈتے قدموں کی آہٹیں اب بھی سنائی دے رہی تھیں۔ وہ میرا پیچھا کر رہے تھے۔ میں رکے بغیر دوڑتا رہا۔ (جاری ہے)

کیا اندیکھی مخلوق نے اس کو پکڑ لیا۔ اگلی قسط میں پڑھیں کہ باؤ جی کے ساتھ کیا ہوا؟

مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/ss9ezx

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

محبت کے روحانی اعمال

نقش تالیف قلب ومحبت

ذیل کا ''نقش تالیف قلوب ومحبت'' بہت ہی نافع ہے۔اس کو سفید کاغذ پر شرف مشتری میں زعفران وگلاب سے بنا کر موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر باندھے۔

۷۸۶

۳۰۶۴	۳۰۷۸	۳۰۷۵	۳۰۷۱
۳۰۷۶	۳۰۷۰	۳۰۶۵	۳۰۷۷
۳۰۶۹	۳۰۷۳	۳۰۸۰	۳۰۶۶
۳۰۷۹	۳۰۶۷	۳۰۶۸	۳۰۷۴

الحب فلاں بن/ بنت فلاں علیٰ حب فلاں بن/ بنت فلاں

محبوب محبت کرے

اگر کسی سے محبت ہو اور وہ خاطر میں نہ لاتا ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اس کے نیچے مطلوب کا نام بمعہ والدہ کے لکھ کر اپنے پاس رکھے اور نماز پنجگانہ کے بعد ایک تسبیح اس آیت کی پڑھے تو اس حامل وفق سے وہ آدمی محبت کرنے لگے گا۔

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ (یٰسٓ ۳۶)

۳۱۵۰	۲۱۰۰۶۵	۸۱	۳۰۷۱	۷۳۰
۸۴	۳۰۶۹	۷۲۸	۳۱۵۳	۲۱۰۰۶۳
۷۳۱	۳۱۵۱	۲۱۰۰۶۶	۸۲	۳۰۶۷
۲۱۰۰۶۴	۸۰	۳۰۷۰	۷۲۹	۳۱۵۴
۳۰۶۸	۷۳۲	۳۱۵۲	۲۱۰۰۶۲	۸۳

جائز محبت کے لیے

یَالَطِیْفُ، یَاوَدُوْدُ:اول وآخر درود شریف گیارہ (۱۱) بار کے ساتھ اپنے نام معہ والدہ اور محبوب کا نام معہ ماں کے اعداد نکال کر اسی تعداد کے مطابق اپنے محبوب کے گھر کی طرف منہ کر کے صبح کے وقت گیارہ (۱۱) روز تک پڑھیں اور مطلوب کے مکان کی طرف پھونک دیں اور دعا مانگیں۔ان شاء اللہ، بہت جلد اثر ہوگا۔ اگر اثر میں کمی ہو چالیس (۴۰) روز تک پڑھیں۔ان شاء اللہ مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔

پیتل کی سوئی اور باداموں والا عمل

حضرت ابوالعباس البونی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر پیتل کی سوئی سے سات باداموں پر اسم ''الرحیم'' کو لکھ کر کسی کو کھلائے تو وہ اس سے بہت محبت کرے۔مگر جمعہ کے روز زہرہ کی ساعت میں لکھے اور موافق اس کے اعداد کے اس اسم کو پڑھ کر باداموں پر دم کرے۔

حزب البحر کا خاص عمل

شیخ العالمین حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی نور اللہ مرقدہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ روزانہ سات (۷) مرتبہ ''حزب البحر'' پڑھ کر عرق گلاب پر دم کرے اور جب مقام وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِيْ عِلْمِكَ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ پڑھے۔اس کے بعد کہے ''یا الٰہی محبت اور دوستی فلاں بن فلاں کی بیچ دل میں فلاں بن فلاں کے اور اس کے تمام اعضاء اور استخوان میں ظاہر کر، کہ ایک لحظہ بغیر اس کے اُس کو قرار نہ پڑے۔آمین آمین آمین'' اس عمل کو کرنے کے بعد داہنے ہاتھ کو تین مرتبہ زمین پر مارے۔اسی طرح تین روز تک کرے اور عرق گلاب پر دم کرتے رہیں۔بعد پورا ہونے عمل کے، عرق کو اپنے منہ پر مل کر مطلوب کے سامنے جائے۔پس مطلوب فوراً طالب ہو گا۔ان شاء اللہ تعالیٰ۔

نوٹ: حب کے تمام اعمال صرف جائز مقصد کے لیے کیے جائیں۔

خزینۂ روحانیات کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/c2ZWqd

اُمَنتُ باللہ کے خاص عمل کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف اُمنت باللہ کا عمل، وہ خاص عمل ہے جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ ان جنات کا تعلق زیادہ تر مدارس سے ہے۔ کوئی حافظ ہے تو کوئی قاری۔ کوئی عالم ہے تو کوئی شیخ الحدیث۔ اسی لئے یہ جنات ایسے افراد کی معاونت زیادہ کرتے ہیں جن کا تعلق بھی مدارس سے ہوتا ہے یا پھر وہ دین کا کام کر رہے ہوں۔ اس عمل کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ عرب ممالک میں بہت اچھا کام کرتا ہے۔ پاکستان سے بیٹھے عرب ممالک کا کام ہو جیسے سعودی عرب میں کوئی مریض ہے تو صرف مریض کے لئے پڑھنے سے اس کا فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس کے پیچھے جو بڑے جنات ہیں، ان کا پیچھے سے تعلق سعودی عرب کے بڑے جنات سے ہے اور پاکستان میں ان کی ایک بڑی جیل ٹھٹھہ کی طرف ہے جہاں سرکش قسم کے جنات اور شیاطین کو قید کیا جاتا ہے۔

اس عمل کے کل چھے درجوں کا عمل کروایا جاتا ہے۔ بنیادی اجازت میں پہلے تین درجے کروائے جاتے ہیں۔ پھر چوتھے، پانچویں اور چھٹے درجے کے عمل کا ھدیہ الگ الگ ہے۔

اجازت لینے کے فائدے اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام اُمنت باللہ کے پیچھے جو جنات ہیں، ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے کو ہر جائز مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مختصراً درج ذیل ہے:

ہر قسم کے جادو کا علاج	ہر طرح کے جنات سے نجات	ہر طرح کی بندش سے نجات	جگہ سے جادو جنات ختم کرنا
مسلط جن کو حاضر کرنا	جنات کو جلانا	جنات کو بوتل میں بند کرنا	روحانی تشخیص
محبت اور حاضری مطلوب	زبان بندی اور جدائی	مختلف بیماریوں کا علاج	ہر جائز مقصد کے لیے

اجازت کے لیے اھلیت روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، علمائے کرام اور مفتیانِ عظام، دین سے جڑے افراد، بالغ مرد اور عورت..... اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ جتنا دیندار ہوگا، اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ عمل کے ساتھ طریقۂ استعمال کے لیے بیاض دی جائے گی۔

ہدیہ 6,100 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

خاص اجازت جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ھدیہ دگنا ہوتا ہے۔

آگے سیکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں گے۔ پھر رابطہ کر کے آگے سکھانے کی خاص اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ ہمارے ادارے میں اُمنت باللہ کے 3 عمل کروائے جاتے ہیں۔ یہ سب اعمال الگ الگ ہیں۔ ان کے پیچھے جنات بھی الگ الگ ہیں اور ان کا ہدیہ بھی الگ الگ ہے۔ تفصیل کے لیے دوسرا اشتہار ملاحظہ فرمائیں، ویب سائٹ دیکھیں یا ادارے سے رابطہ فرمائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل حشتیہ لاہور پاکستان
ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور - پوسٹ کوڈ 54570
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر) 0333-7772775 (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com
+ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/esllKa

بندش کے سرتاج عمل کے عامل بنیں

شاگردوں کیلئے 4100 روپے

یہ بندش کا سرتاج عمل ہے۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر، دونوں میں چلتا ہے۔ اس عمل سے کئی کام لیے جاسکتے ہیں اور مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔ یاد رہے کہ بندش کا عمل صرف اور صرف اس جگہ کیا جائے، جہاں شریعت اجازت دے۔ کسی معتبر مفتی صاحب سے پوچھ کر عمل کیا جائے۔ جو لوگ ناجائز کریں گے، ان شاءاللہ، ان کا عمل بھی بے اثر ہوگا اور شدید رجعت بھی ہوگی۔ ادارہ ایسے تمام افراد سے بری الذمہ ہے۔

چاند گرھن آغاز 5 جولائی 2020 بروز ہفتہ صبح 08:07 پر لگے گا۔ مکمل صبح 09:29 پر لگے گا۔ دوپہر 10:52 پر ختم ہوجائے گا۔

شادی، منگنی، رشتہ، محبت، طلاق وغیرہ

** محبت میں کسی کی عقل وخرد باندھنا تاکہ شدید محبت کرے۔
** محبت اور نیند باندھنا تاکہ مطلوبہ فرد رجوع کرے۔
** محبت کو ختم کرنا تاکہ مطلوبہ فرد سے جدائی ہو۔
** مخصوص جگہ منگنی باندھنا تاکہ وہیں ہو۔
** کسی خاص جگہ کے لئے نکاح باندھنا کہ وہیں ہو یا وہاں نہ ہو۔
** نکاح باندھنا تاکہ کسی جگہ نکاح نہ ہو۔
** طلاق باندھنا تاکہ شوہر طلاق نہ دے سکے یا بیوی خلع نہ لے۔
** بارات کی رخصتی باندھنا تاکہ رخصتی نہ ہو۔

بدکاری، ناجائز تعلقات، زنا، بدفعلی وغیرہ

** عورت کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد یا خاص مرد سے زنا نہ کرسکے۔
** مرد کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی عورت یا خاص عورت سے زنا نہ کرسکے۔
** مرد کو بدفعلی سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد یا خاص مرد سے بدفعلی نہ کرسکے۔

مرض، حمل، صحت وغیرہ

** حمل باندھنا تاکہ عورت کو حمل نہ ہو۔ ** صحت باندھنا تاکہ صحت نہ ہو۔
** مرد کا نطفہ باندھنا تاکہ مرد کے نطفے سے حمل نہ ٹھرے۔

معاش، نوکری، ترقی، عہدہ وغیرہ

** کسی کی معاش باندھنا۔ ** عہدہ باندھنا تاکہ عہدہ قائم رہے۔
** ترقی باندھنا تاکہ ترقی نہ ہو۔ ** دوکان باندھنا تاکہ دکان نہ چلے۔
** سفر باندھنا تاکہ اندرون وبیرون ملک سفر نہ کرسکے۔

بری عادات

** چوری کرنے کی عادت باندھنا تاکہ چوری نہ کرسکے۔
** شراب نوشی کی عادت باندھنا تاکہ شراب نہ پی سکے۔
** مارنے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو بھی نہ مار سکے۔
** قدم باندھنا تاکہ گھر سے باہر آوارہ نہ پھرے۔
** بے جا غصہ باندھنا تاکہ ناجائز غصہ نہ کرے۔
** مارنے وگالیاں دینے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو نہ مارے اور نہ گالی دے سکے۔

زبان بندی، دشمن وغیرہ

** زبان بندی تاکہ مخالف شخص کی سائل کے حق میں زبان بند ہوجائے۔
** مخلوق کی زبان بندی تاکہ کوئی بھی سائل کے خلاف نہ بولے۔
** دشمنی اور حسد باندھنا تاکہ دشمن دشمنی اور حسد چھوڑ دے۔
** نیند باندھنا، دشمن حد سے گذر جائے تو اس کی نیند سزا کے طور پر باندھنا۔

متفرق

** کسی خاص گھر جانے سے روکنا۔ ** کسی کا عمل باندھنا تاکہ اس عامل کا عمل نہ چلے۔
** عقل وخرد باندھنا تاکہ سائل کے حق میں تسخیر ہوجائے۔
** نظر باندھنا تاکہ دیکھنے کی عادت ختم ہو۔ کچھ لوگوں میں یہ عادت ہوتی ہے کہ بلاوجہ کسی بھی چیز یا شخص کو گھور گھور کر دیکھتے ہیں۔

نوٹ اس طرح کے اور بہت سے کام ہیں جو کئے جاسکتے ہیں۔ ہمارا مقصد اس علم کو سکھانے سے ہرگز یہ نہیں کہ معاشرے میں فساد پھیلے۔ اس لئے ہر کسی کو نہیں سکھایا جاتا۔ ضرورت پڑنے پر حلف نامہ بھی لیا جاسکتا ہے۔

نوٹ حروف صوامت کے وہ عاملین، جنہوں نے یہ عمل کسی اور کی زیر نگرانی کیا ہو، وہ خصوصی اعمال کی کاپی **1500** روپے میں حاصل کریں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل حشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

Whatsapp +92-322-4773786

عوام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/sDzuVf

کوئی دعویٰ نہیں — قیمت 200 روپے — کوئی وعدہ نہیں

عطرِ حاضری

جنات و آسیب کے متاثرہ ایسے مریض، جن کے اندر یہ مخلوق حاضر ہوتی ہو، ان کو حاضر کرنے کے لئے خاص دم کیا ہوا عطر ہے۔ تھوڑا سا عطر مریض کی انگلی پر لگا کر اس کے ناک کے سوراخوں پر مل دیں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد تنگ کرنے والی مخلوق مریض کے اندر حاضر ہو جائے گی۔ عامل تنگ کرنے والے جنات و آسیب کو حاضر کرنے کے لئے جو عمل کرنا چاہے، وہ کرتا رہے۔ یہ عطر، جنات و آسیب کو مریض کے جسم میں حاضر کرنے کے لئے بہت معاون ثابت ہوگا۔

0346-4312272
042-35410586
ruhanishop

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

چہل کاف کا دس ہزار (10000) خانوں کا خاص نقش

آرٹ پیپر بڑا سائز

چہل کاف کے تمام خواص کا جامع نقش جو چہل کاف جفر جامع کے اعداد سے وضع کیا گیا ہے۔ یہ نقش چہل کاف کے جمیع حروف کی تکرار، اسماء الٰہیہ، اسماء مؤکلات اور چہل کاف سے عددی مناسبت رکھنے والی سورتوں اور آیات کے اعداد کا مجموعہ ہے۔ یہ نقش نہایت سریع الاثر اور جمیع مقاصد کیلئے مجرب ہے * جس مقام پر رکھا جائے گا خوشحالی ہی خوشحالی ہو جائے گی * ترقی پر گامزن ہو جائے گا * تمام نحوستیں ختم * ہر قسم کا جادو ٹونا کا اعلیٰ ترین توڑ * ہر طرح کی نظرِ بد ختم * ہر قسم کی بندشیں ختم * بے برکتی دور ہوگی * اس کی ہیبت سے قومِ جنات لرزتی ہے * اعمالِ سفلی اس کی برکت سے فنا ہو جاتے ہیں * جہاں یہ نقش ہوگا، قومِ جنات اس مقام سے کوسوں دور بھاگ جاتی ہیں * جہاں یہ نقش ہوگا، اس علاقے میں موجود جادوگروں کے اعمال سلب ہو جاتے ہیں۔

عاملین کے لیے زیادہ تعویذ منگوانے پر خصوصی ڈسکاؤنٹ ہوگا۔

عوام کے لئے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 1100 روپے
شاگرد اور عاملین کے لیے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 700 روپے

0334-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ ruhanishop

روحانی آبِ شفاء

برائے جادو جنات

پیکنگ: آدھ لٹر — قیمت: 50 روپے

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کے عاملین کی بے انتہائی محنت سے تیار کیا جانے والا "روحانی آبِ شفاء (برائے جادو جنات)" جو کہ سالہا سال سے جادو جنات کے بداثرات سے متاثرہ اور مایوس مریضوں کیلئے ایک شفاء کی اُمید ہے۔ (ان شاء اللہ) یہ پانی کسی بھی قسم کے جادو اور جناتی اثرات سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔ اس روحانی پانی کا اگر گھر میں چھڑکاؤ کیا جائے تو ہر قسم کے جادو جنات کے اثرات سے نجات مل جاتی ہے، یہ روحانی پانی جادو جنات سے متاثرہ ہر جگہ پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ زیادہ مقدار میں حاصل کرنے کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

روحانی صابن

قیمت صرف 150 روپے

ردّ سحر و آسیب، ردّ امراض اور دیگر جسمانی اور روحانی بیماریوں کے لئے ایک خاص روحانی فارمولا۔

دارالعمل چشتیہ کی روحانی دکان کی ایک حیرتناک پیشکش

یہ صابن ایک دوا بھی ہے اور ایک دعا بھی

پہلی بار اس صابن سے نہانے پر افادیت محسوس ہوتی ہے، دل کو سکون اور روح کو قرار آجاتا ہے۔ تردد اور تذبذب سے بے نیاز ہو کر ایک بار تجربہ ضرور کریں۔ یہ صابن ردّ سحر بھی ہے اور آسیب کو دور کرنے میں بھی فائدہ مند۔ ردّ امراض بھی ہے اور جسمانی اور روحانی امراض کے لئے یکساں مفید بھی۔ ان شاء اللہ آپ ہمارے دعوے کی تصدیق کرنے پر مجبور ہو جائیں گے اور اپنے دوستوں سے اس صابن کی تعریفیں کرنے لگیں گے اور روحانی صابن کو اپنے حلقہ احباب میں تحفتاً دینا آپ کا مشغلہ بن جائے گا۔

0334-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ ruhanishop

خاص خاص اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/UVdyD7

کوئی وعدہ نہیں

روحانی اگربتی برائے حصول برکت

کوئی دعویٰ نہیں

پیکنگ فی پیکٹ 30 اگربتیاں **قیمت: 200 روپے**

کئی دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ جادو اور جنات کا معاملہ بھی نہیں ہوتا اور نحوست بھی نہیں ہوتی، پھر بھی بے برکتی نظر آتی ہے۔ اسی طرح جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ مزید برکت بڑھے، خاص کر دکان دار اور کاروباری حضرات، وہ یہ اگربتی استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کے استعمال سے بے برکتی دور ہوگی اور برکت بڑھے گی۔ ان اگربتیوں پر ایسے کلام کے دم کیے گئے ہیں جو حصول برکت کے لیے نہایت مجرب ہیں۔ حصول برکت میں استعمال ہونے والی اگربتیوں کی کوالٹی بھی اچھی ہے۔ اس وجہ سے ان کا ریٹ بھی زیادہ ہے۔ طریقہ استعمال اگربتیوں کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

0346-4312272, 042-35410586

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ

ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

کوئی وعدہ نہیں

روحانی علاج (14)

کوئی دعویٰ نہیں

ہر قسم جادو، جنات، سایہ اور ہر مرض کا علاج (۱)

کئی مریض ایسے ہوتے ہیں جن کو مختلف بیماریاں ہوتی ہیں۔ جسمانی علاج جتنا بھی کروالیں، مکمل شفایابی نہیں ہوتی۔ ساتھ ہی وہ روحانی مریض بھی ہوتے ہیں اور ان پر جادو اور جنات..... دونوں طرح کے بداثرات ہوتے ہیں۔ ایسے مریضوں کو جلد شفاء صرف اسی وقت مل سکتی ہے، جب ایسا روحانی علاج کیا جائے جو جادو اور جنات کے بداثرات دور کرنے کے ساتھ بیماری کا بھی علاج ہو۔

